# لے پالک 1

...مجھے یہ سن کر خوشی ہوئی ہے، یہ اچھی بات ہے۔ خیر، یہ ہمیشہ ہوتی ہے، جیسے میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں، "میں خوش ہوا جب وہ مجھ سے کہنے لگے، 'آؤ ہم خُداوند کے گھر چلیں۔'" میرا خیال ہے یہ بات داؤد نے کہی تھی، "آؤ ہم خُداوند کے گھر چلیں۔" میں اس سے اچھی جگہ کوئی نہیں جانتا، کیا آپ، خُداوند کے گھر سے بہتر کوئی جگہ جانتے ہیں۔

2 اب، آج رات، ہمارے درمیان کچھ دوست موجود ہیں جو جورجیا سے کافی طویل سفر کرکے یہاں آئے ہیں۔ شاید وہ آج رات کھانا کھانے کے۔کے بعد واپس گاڑی پر روانہ ہو جائیں گے۔ اور پھر ہم...اُن میں سے جو بہت دُور سے آئے ہیں، مجھے امید ہے کہ آپ یہیں ٹھہریں گے۔ اور ہمارے پاس جتنے بھی کمرے ہیں وہ سب آپکے لیے حاضر ہیں۔

3 اور پھر بدھ کی رات کو بھی، ہم یہ مطالعہ جاری رکھیں گے، اور پھر، خُداوند نے چاہا، تو اگلے اتوار کو بھی جاری رکھیں گے۔

4 اور پھر چھ تاریخ سے شاٹاکوا کا اجتماع شروع ہو جائے گا۔ پس وہ سب جنگی چھٹیوں کا انتظام ہوگیا ہے، ہم شاٹاکوا میں، ایک شاندار اور عمدہ وقت

کی توقع کررہے ہیں۔ یہ وہی جگہ ہے جہاں ہمیشہ ہمارا اچھا وقت گزرتا ہے۔ بہت بڑی بھیڑ نہیں، کبھی کبھی ہم بھاگتے ہیں...وہاں کافی لوگ سما جائینگے... میرا خیال ہے، ہم آسانی سے دس ہزار لوگوں کو وہاں رکھ سکتے ہیں۔ لیکن، بیشتر، گزرے سال میرے خیال میں، ہمارے پاس تقریباً سات ہزار کے قریب لوگ تھے۔ وہ جگہ کھچا کھچ بھری ہوئی تھی، لیکن کھڑے ہونے کے لیے کافی جگہ تھی۔ اور نشستیں موجود تھیں جنہیں باہر لگایا جاسکتا تھا۔ اور پس اس لیے ہم اسکے منتظر ہیں۔

5 اور ہم یہاں اپنے بہت سے مناد بھائیوں کو دیکھ کر خوش ہیں۔ اور مجھے یہاں، ایک مشنری بھائی کا نام یاد نہیں آرہا ہے، بھائی ہومز اور بہن ہومز، کیا آپ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، اور چھوٹے بچے بھی ہیں، ہم ان سبکو یہاں پاکر بہت خوش ہیں، یہ ایک مشنری ہیں۔ باقی بھی ہیں، بھائی پِٹ، بھائی ڈولٹن، بھائی بیلر، اور، اوہ، بہت سارے ہیں۔ اور تھوڑی دیر پہلے بھائی کولنز کو دیکھا تھا۔ اور، اوہ، ان سب کا نام لینا مشکل ہوجائیگا۔ لیکن آج رات ہم آپ سب کو خُداوند کے گھر میں دیکھ کر بہت خوش ہیں۔ عظیم اور بیش قیمت بھائی نیول بھی میرے پیچھے بیٹھے ہوئے ہیں تاکہ جب ہم کلامِ خُدا کی تعلیم دیں تو وہ میرے ساتھ دعا کریں۔ چارلی، اور بہن نیلی، اور بچوں کو آج رات یہاں دیکھ کر ہم خوش ہیں۔ یہ ہے... اور بائبل کی تعلیم اکثر اوقات بہت... جی ہاں،

بھائی ویلیچ، میں بس... آپکو تلاش کر رہا تھا، اور اب میں آپکو وہاں پیچھے بیٹھے دیکھ رہا ہوں۔

6 بائبل کی تعلیم عموماً تھوڑی سی ناقابلِ یقین لگتی ہے، کسی حد تک، آپ جانتے ہیں، ہم اسے یوں کہتے ہیں، یہ گویا باریک برف پر چلنے کی طرح ہے۔ لیکن ہم محسوس کرتے ہیں اور ہو سکتا ہے، یہ اس وقت کا نقطہ ہو، میرا خیال ہے کہ چرچ کو ایک-ایک ایسے مقام پر لانا اچھا ہے، جہاں وہ-وہ مکمل سمجھ بوجھ حاصل کر سکے، کہ مسیح یسُوع میں، ہمارا مقام کیا ہے۔ اور کبھی کبھی میں سوچتا ہوں کہ منادی کرنا ایک شاندار کام ہے، لیکن بھائی بیلر، میں سمجھتا ہوں کہ بعض اوقات، تعلیم اس سے، آگے لے جاتی ہے... خاص طور پر کلیسیا کو۔

اب، منادی عموماً گنہگار کو اپنی گرفت میں لے آتی ہے، اور کلام کے ذریعے اُسے اپنے گناہ کا احساس دِلا کر قصوروار ٹھہراتی ہے۔ لیکن تعلیم انسان کو اُسکے ٹھیک مقام پر رکھتی ہے کہ وہ کیا ہے۔ اور ہم اُس وقت تک ٹھیک ایمان رکھنے کے قابل نہیں ہو سکتے جب تک ہم جان نہیں جاتے کہ ہمارا مقام کیا ہے۔

7 اب، اگر یہ خوبصورت ملک، ریاستہائے متحدہ، مجھے روس بھیجتا ہے، اس قوم کا سفیر بنا کر، روس کے لیے روانہ کرتا ہے، اگر انہوں نے مجھے

سرکاری طور پر روس بھیجا ہے، تو ریاستہائے متحدہ کی ساری طاقت میرے پیچھے ہے۔ میری بات بالکل اُسی طرح ہے جیسے ریاستہائے متحدہ کی بات ہے، کیونکہ مجھے بطورِ ایک سفیر بھیجا گیا ہے۔

8 اور پھر اگر خُدا نے ہمیں اپنا سفیر بنا کر بھیجا ہے، تو آسمان کی ساری طاقت ہمارے پیچھے ہے، اور وہ سب جو خُدا کا ہے، اور اُسکے سارے فرشتے اور اُسکی ساری طاقت ہماری بات کے پیچھے کھڑے ہیں بشرطیکہ ہم واقعی مقرر کیے گئے ہوں، اور لوگوں کیلئے بھیجے گئےپیامبر ہوں۔ تو پھر خُدا کلام کی تعظیم کرتا ہے، کیونکہ اُس نے اسے نہایت سنجیدگی سے لکھا ہے، کہ ''جو کچھ تُم زمین پر باندھو گے، میں وہ آسمان پر باندھونگا۔ جو کچھ تُم زمین پر کھولو گے، میں وہ آسمان پر کھولونگا۔ اور میں تُمہیں بادشاہی کی کُنجیاں دیتا ہوں۔'' اوہ، کیا عظیم وعدے ہیں جو اُس نے کلیسیا کے ساتھ کیے ہیں!

9 اور میں، اُس دوسرے دن کے بعد... میرا خیال ہے، کہ آپ میں سے بہت سے لوگ، آج صبح یہاں سننے کے لیے آئے تھے اور میں نے، اپنے عاجزانہ، اور نہایت سادہ انداز میں، اُس رویا کو-کو بیان کرنے کی کوشش کی تھی جو میں نے آسمان کے بارے میں دیکھی تھی۔

10 میں کبھی بھی کسی ایسی بات پر شک کرنے کی کوشش نہیں کروں گا جو کسی نے مجھے بتائی ہو کہ خُدا نے اُنہیں بتائی ہے۔ میں اُس بات پر یقین کرونگا

خواہ وہ مجھے کلامِ مقدس میں دکھائی نہ دے، پھر بھی میں اُس بھائی کی بات پر یقین کرنا چاہوں گا۔ لیکن میں-میں خود تو بائبل ہی کے ساتھ قائم رہوں گا، لیکن پھر بھی میرا یہ یقین ہے کہ شاید اُس بھائی سے اُس بات کو سمجھنے میں کوئی غلطی ہوگئی ہو، یا ممکن ہے اُس نے اُس بات میں کوئی گڑبڑ کردی ہو۔ اور پھر بھی میں ایمان رکھتا ہوں کہ-کہ وہ میرا بھائی ہے۔

11 اور اگر میرے دل میں کوئی شعلہ بھڑک رہا ہے، تو میری خواہش ہے کہ آنے والے سالوں میں وہ شعلہ کبھی مدھم نہ پڑے، جو گزرے اتوار کی صبح ہوا تھا، میں اُسے کبھی نہیں بھولوں گا حالانکہ ایک ہفتہ گزر گیا ہے۔ اُس نے میرے اندر ہلچل مچادی ہے اور میری زندگی میں انقلاب آگیا ہے۔ اب مجھے-مجھے خوف نہیں ہے۔ مجھے-مجھے موت کا ذرا بھی خوف نہیں ہے۔ موت بالکل بھی خوفناک نہیں ہے۔ اور اگر آپ سمجھ جائیں تو یہ-یہ آپ کے لیے بھی نہیں ہوگی۔ اب، ممکن ہے کہ...اسے جاننے کیلئے آپکے پاس تجربہ ہونا چاہیے، کیونکہ اسے سمجھانے کا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ آپ اسکے لئے الفاظ تلاش نہیں کرسکتے، کیونکہ انگلش ڈکشنری میں اسکے لئے الفاظ نہیں ہیں، اور نہ ہی کسی اور لغت میں ہیں، کیونکہ یہ ابدیت ہے؛ گزرا ہوا کل نہیں ہے، اور نہ آنے والا کل ہے، سب کچھ حال ہے۔ اور یہ ایسا نہیں کہ ایک گھنٹہ پہلے آپ کہیں "مجھے بہت اچھا محسوس ہو رہا ہے،" ایک گھنٹے بعد کہیں، "مجھے اتنا اچھا

محسوس نہیں ہو رہا، " اور پھر ایک گھنٹے بعد دوبارہ کہیں، "مجھے اچھا محسوس ہو رہا ہے۔" یہ ہر وقت حال کا زمانہ ہے۔ دیکھیں؟ کبھی اختتام نہیں ہوتا ہے، بس وہاں شاندار سلامتی ہے، یہی کچھ ہے۔

12 اور وہاں گناہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے، نہ حسد کی، وہاں کوئی بیماری نہیں ہے، وہاں-وہاں کچھ بھی اُس آسمانی کنارے تک نہیں پہنچ سکتا۔ اور کاش مجھے یہ کہنے کی سعادت حاصل ہوتی، جوکہ، مجھے نہیں ہے۔ اگر میرے پاس نہیں ہے، تو میں دُعا کرتا ہوں خُدا مجھے معاف کردے۔ لیکن اگر یہ سعادت مجھے حاصل ہوئی ہے، اور اگر واقعی خُدا نے مجھے اُٹھا لیا تھا تاکہ مجھے کچھ دکھائے، تو میں اسے پہلے آسمان سے منسوب کروں گا۔ اور پھر میرا ایمان ہے، کہ بائبل میں ایک شخص تھا، جس کا نام، میرا خیال ہے پولُس تھا، جسے تیسرے آسمان تک اُٹھا لیا گیا تھا۔ اور اگر پہلا آسمان اتنا جلالی تھا، تو پھر تیسرا آسمان کیسا ہوگا؟ تعجب نہیں کہ وہ چودہ برس تک اُسکے بارے میں کچھ نہ کہہ سکا! اُس نے کہا کہ اُسے معلوم نہیں تھا کہ وہ بدن میں تھا یا بدن کے بغیر گیا تھا۔ یہ بات اُس عظیم رسول کے ساتھ، یا اُس-اُس-اُس کی خدمت کے ساتھ ملانے کیلئے نہیں، اور نہ اپنے آپکو اُسکی مانند بنانے کی کوشش ہے، لیکن میں اُسکے ساتھ ملکر یہ کہہ سکتا ہوں، کہ مجھے نہیں معلوم کہ میں اِس بدن میں تھا یا بدن کے بغیر تھا۔ بس اتنی سی بات ہے، کہ وہ تجربہ اتنا ہی حقیقی تھا جتنا کہ میں اس وقت

آپکو دیکھ رہا ہوں۔

13 اور میں ہمیشہ یہ سوچا کرتا تھا کہ اگر میں وہاں سے گزروں گا اور مجھے کوئی چھوٹا سا بادل چلتا ہوا دکھائی دے گا، یعنی ایک روح، تو میں کہونگا، "وہ بھائی اور بہن جا رہے ہیں، وہ چارلی اور نیلی ہیں۔ وہ بھائی اور بہن سپینسر جا رہے ہیں۔" یہ بات مجھے ہمیشہ حیران کرتی تھی۔ اگر میری آنکھیں قبر میں، پڑی ہوئی، گل سڑ رہی ہوں، اور میرے کان یہاں موجود نہ ہوں کہ دوبارہ کچھ سن سکوں، اور اگر میرا سارا خون جسم سے نکل کر واپس مٹی میں مل چکا ہو اور میرے جسم کو محفوظ کر دیا گیا ہو، اور وہ پانی میں یا زمین میں ہو، اور اگر میری ذہنی صلاحیتیں، میرے دماغ کے خلیے سب ختم ہو چکے ہوں، تو پھر میں محض ایک تیرتی ہوئی روح کے سوا اور کیا رہ جاؤں گا؟ اور یہ بات مجھے تھکا دیتی تھی۔ میں کیسے یہ کہہ سکوں گا، "ہیلو، بھائی پیٹ، اوہ، آپکو دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی ہے! ہیلو، بھائی نیول، میں آپ کو دیکھنے کے لیے کتنا بے تاب تھا!" لیکن میں نے سوچا، "اچھا، اگر میرے پاس دیکھنے کیلئے آنکھیں ہی نہیں، بات کرنے کیلئے میرا مُنہ ہی نہیں، کیونکہ وہ گل سڑ کر، مٹی بن چکے ہیں، میں کیسے کہہ پاؤنگا، 'ہیلو، بھائی پیٹ،' 'ہیلو، بھائی نیول،' یا اسی طرح، 'ہیلو، چارلی'؟"

14 لیکن اب میں جانتا ہوں کہ میری یہ سوچ غلط تھی۔ کیونکہ یہ بات کلامِ

مُقدس میں لکھی ہوئی ہے، جو کچھ میں کہہ رہا ہوں یہ متضاد نہیں ہے، "کیونکہ جب یہ زمینی خیمہ گرایا جائیگا، تو ایک اور ہمارا انتظار کررہا ہے،" ایک اور خیمہ ہے جس میں آنکھیں، کان، ہونٹ، اور ذہنی صلاحتیں ہیں۔ "اگر یہ زمینی خیمہ گرایا جاتا ہے!" تواسکا ایک اور بدن ہے جس میں مَیں محسوس کرسکتا ہوں، اور بات چیت کرسکتا ہوں۔

15 اور ابھی ابھی، میرے ذہن میں یہ بات آئی ہے، کہ موسیٰ آٹھ سو برس سے مرچکا تھا اور ایک بے نشان قبر میں دفن تھا، اور الیشع پانچ سو سال پہلے آسمان پر چلاگیا تھا، لیکن صورتِ تبدیلی کے پہاڑ پر اُنہیں یسُوع سے باتیں کرتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔

16 سموئیل کی موت کے تقریباً تین یا پانچ سال بعد، عین دور کی جادوگرنی نے اُسے اُوپر بلایا، اور وہ مُنہ کے بل گرگئی، اور اُس نے کہا، "تُو نے مجھے دھوکا دیا ہے، کیونکہ تُو، خود ساؤل ہے۔" اُس نے کہا، "کیونکہ میں دیوتاؤں کو دیکھ رہی ہوں!" وہ بت پرست تھی، آپ سمجھ گئے ہیں۔ "میں دیوتاؤں کو اُوپر آتے دیکھ رہی ہوں۔"

17 اور تب بھی ساؤل اُسے دیکھ نہ سکا، اور اُس نے کہا، "وہ کیسا نظر آرہا ہے؟ مجھے اُسکے بارے میں بتا۔"

کہا، "وہ دبلا پتلا ہے، اور اُسکے کندھے پر چادر ہے۔"

18 کہا، "وہ سموئیل، نبی ہے، اُسے میرے سامنے لا۔" اور میں چاہتا ہوں کہ آپ دھیان دیں دیکھیں سموئیل کی شخصیت میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی۔ وہ ابھی تک ایک نبی تھا۔ اُس نے ساؤل کو بتایا اگلے دن کیا ہوگا۔

19 پس، آپ دیکھیں، موت ہمیں پوری طرح سے ختم نہیں کرتی ہے حالانکہ ہم قبر پر روتے، چلاتے اور نوحہ کرتے ہیں۔ وہ بس ہمارے رہنے کا مقام بدل دیتی ہے۔ وہ ہمیں ایک مقام سے لیتی ہے... عمر کیا ہے؟ اگر میں ایک اور گھنٹہ زندہ رہا، تو میں بہت سے سولہ سال کے افراد سے زیادہ زندہ رہوں گا، میں بہت سے پانچ سال کے افراد سے زیادہ زندہ رہوں گا۔ عمر کچھ بھی نہیں ہے۔ ہم یہاں کسی مقصد کیلئے ہیں، تاکہ کچھ کریں۔

20 خیر، اب، یہاں بہت ساری خوبصورت چہرے والی مائیں بیٹھی ہوئی ہیں، کچھ ان میں سے ساٹھ یا ستر سال کی ہیں، وہ کہیں گی، "اچھا، بھائی برینہم، تو پھر میں نے کیا کِیا ہے؟" آپ نے اپنے بچونکی پرورش کی ہے۔ آپکو جو کرنا چاہیے تھا وہ آپ نے کیا ہے۔

21 شاید کوئی بوڑھا باپ یہاں بیٹھا ہوا، کہے، "خیر، میں نے تو کھیتوں میں کام کیا ہے، میں نے تو بس یہی کیا ہے۔ میں نے کبھی منادی نہیں کی۔" لیکن آپ نے وہ کیا جس کام کیلئے خُدا نے آپکو بھیجا تھا۔ آپ کیلئے ایک جگہ ہے۔

22 کل، میں ایک بوڑھے ڈاکٹر سے بات کر رہا تھا، میرے ڈاکٹر دوستوں میں سے ایک پیارا، دوست ہے، تقریباً اسّی سال کا ہے۔ اور اُسکی سالی آج رات چرچ میں موجود ہے، اور وہ تھوڑی سی پریشان ہے، اور اُسکے بارے میں تھوڑی فکر مند ہے۔ اور میں اُسے ملنے گیا۔ اور جیسے ہی میں اُس سے باتیں کرنے لگا، وہ روشن ہوگیا، اور مجھ سے شکار کی باتیں کرنے لگا جو اُس نے کئی سال پہلے کولوراڈو میں کیا تھا، اور یہ وہی جگہ تھی جہاں میں شکار کرتا ہوں۔ بالکل سمجھدار اور ذہین تھا! میں نے کہا، "ڈاکٹر، آپ کتنے عرصے سے علاج کر رہے ہیں؟"

23 اُس نے کہا، "جب تم دودھ پیتے بچے تھے۔" اور پھر میں نے کہا... "اور بہت مرتبہ،" اُس نے کہا، "میں کئی بار بگی پر علاج کرنے گیا ہوں، میں اپنے گھوڑے پر کاٹھی کس کر کئی بار گیا ہوں۔ کئی بار میں اپنا بیگ لیتا تھا اور پیدل چلا جاتا تھا۔"

24 اور میں نے کہا، "جی ہاں، ایک بار رات کے دو بجے، اپنی ٹارچ جلائے ہوئے، ندی کے کنارے کنارے، اُس گھر کی تلاش کرتا رہا جہاں ایک بچے کے پیٹ میں درد تھا اور کوئی ماں زچہ کے درد میں مبتلا تھی۔"

"یہ سچ ہے۔"

25 اور میں نے کہا، "ڈاکٹر، آپ جانتے ہیں، میرا ایمان ہے، اس تقسیم

کرنے والی لکیر کے پار، فانی اور لافانی کے درمیان، خُدا کے پاس ایک اچھا مقام ہے جو اچھے بزرگ ڈاکٹروں کیلئے ہے جو اس طرح کی خدمت کرتے رہے ہیں۔"

26 موٹے موٹے آنسو اُسکی آنکھوں میں آگئے اور وہ رونے لگا، اُس نے اپنے کمزور ہاتھوں کو اُٹھایا اور کہا، "بھائی، میں ایسی اُمید رکھتا ہوں۔" اُس پار، خُدا انسانی جان کا انصاف کریگا، کہ وہ کیا ہے۔

27 پھر میں نے اُسے ایک تسلی بخش حوالہ دیا۔ کئی بار، رات کو اُن تاریک کیچڑ والے کھیتوں میں ہل چلاتے ہوئے، کسی کی مدد کرنے کی کوشش کی ہو، اور شاید اُسکے بدلے ایک روپیہ بھی نہ ملا ہو، لیکن یہ درست کام ہے۔ میں نے کہا، "یسُوع نے کلام میں کہا ہے، 'مبارک ہیں وہ جو رحم کرتے ہیں، اُن پر بھی رحم کیا جائیگا۔'" اور یہ بالکل سچ ہے۔

28 اور آج رات ہم چرچ کو، تین اسباق کی ترتیب میں رکھنا چاہتے ہیں، اگر خُدا نے چاہا، کس طرح اور کس چیز کی طرف دیکھنا چاہیے، ہم کیا ہیں۔ ہم پولُس کے خط افسیوں کی کتاب کے پہلے باب کو دیکھنے جارہے ہیں۔ اور ہم پہلے تین ابواب کا مطالعہ کرنے جارہے ہیں، اور کوشش کرینگے کہ ہر روز ایک باب دیکھیں، اگر ہم دیکھ سکے۔ آج رات، بدھ ہے، اور اسکے بعد اتوار کی صُبح ہے۔ افسیوں، پہلا باب ہے۔ اب ہم ملکر اسکا مطالعہ کرتے ہیں، اور میں

اسکے بارے میں کہتا ہوں، یہ افسیوں کی کتاب پُرانے عہدنامہ کے یشوع کے ساتھ مکمل طور پر مماثلت رکھتی ہے۔ افسیوں، افسیوں کی کتاب۔

29 اب، یاد رکھیں، اگر ہم آپ کی تعلیم سے تھوڑا سا بھٹک جائیں، تو براہِ مہربانی ہمیں معاف کر دینا، اور کچھ دیر ہمارے ساتھ صبر کرنا۔ اس سے پہلے ہم اسے کھولیں، آئیں ہم اپنے سروں کو جھکاتے ہیں، اور اُس سے مدد مانگتے ہیں۔

30 خُداوند، ہم تیرے پاک پوتر کلام کی طرف آتے ہیں، جو کہ تمام آسمانوں اور زمین سے زیادہ محفوظ ہے۔ کیونکہ ہم اس کلام میں پڑھتے ہیں، اور بائبل کہتی ہے، "آسمان اور زمین ٹل جائیں گے، لیکن میرا کلام ہرگز نہیں ٹلے گا۔" اب، اس سنجیدہ گھڑی میں اور آج رات اس منبر پر، تیرے خون خریدوں کے سامنے آتا ہوں، یہ قیمتی اور پیارے فانی لوگ آج رات یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، اور ایک چھوٹی اُمید کو تھامے ہوئے ہیں، جیسے یہ تھام سکتے ہیں، تاکہ اُس نور کو تھام لیں جو آنے والا ہے۔ ہونے دے آج رات، روشنی اتنی زیادہ ہو، کہ ہر ایماندار اپنے مقام کو دیکھ لے، اور وہ بھی جو ابھی تک اس عظیم رفاقت میں شامل نہیں ہوا ہے، وہ بادشاہی کیلئے زور لگائے، خُداوند، اور دروازے کو تب تک کھٹکھٹائے جب تک دربان دروازہ کھول نہ دے۔ خُداوند، یہ بخش دے۔

31 ہم اُس بائبل سے پڑھنے لگے ہیں جس میں کسی کی ذاتی تفسیر نہیں ہے۔ اے خُدا، ایسا نہ ہو کہ میں تیرا خادم یا کوئی اور خادم اس کلام میں اپنی تفسیر ملانے کی کوشش کرے۔ ہم اسے پڑھیں اور اسکا اُسی طرح یقین کریں، جیسے یہ لکھا گیا ہے۔ اور خاص کر ہم جو بھیڑوں کے رکھوالے ہیں، ہم پاسٹر کسی دن اُس جلالی دیس میں اس چھوٹے گلہّ کے ساتھ اکٹھے ہونگے، اور ہم خُداوند یسُوع کی حضوری میں کھڑے ہونگے اور پولُس کی، اور پطرس کی، اور لوقا کی، اور مرقس کی، اور متی کی، اور باقی سب کی، نسلوں کو آتے ہوئے دیکھیں گے، اور اُنکے گروہوں کے ساتھ اُنکا انصاف ہوتا ہوا دیکھیں گے۔ اے خُدا، مجھے یہ توفیق عطا فرما کہ میں تیرے قدموں میں دس ملین ٹرافیاں رکھ سکوں اور میں فروتنی سے آگے بڑھوں اور اپنے ہاتھ تیرے بیش قیمت قدموں پر رکھ دوں، اور کہوں، "خُداوند، یہ تیرے ہیں۔"

32 اے خُدا، ہمیں اپنے رُوح سے دوبارہ بھر دے، تاکہ تیرے پیار اور تیری بھلائی سے بھر جائیں۔ اور ہونے دے، جیسے شاعر نے کئی سال پہلے اپنے گیت میں اسکا اظہار کیا تھا، "عزیز مرتے ہوئے برّے، تیرا قیمتی خون کبھی اپنی طاقت نہیں کھوئے گا، جب تک خُدا کی فدیہ دی ہوئی پوری کلیسیا گناہ سے پاک نہ ہو جائے۔ اور جب سے، ایمان کے ذریعے، میں نے وہ ندی دیکھی جو تیرے بہتے زخم نے مہیا کی تھی؛ چھڑانے والا پیار میرا عنوان رہا

ہے، اور جب تک مر نہ جاؤں یہی رہیگا۔ پھر ایک زیادہ، باوقار اور میٹھی دُھن میں،" وہ کہتا ہے، "میں تیری نجات دینے والی قدرت کا گیت گاؤں گا؛ جب تک یہ بیچارے لب، اور یہ لڑکھڑاتی زبان قبر میں جاکر خاموش نہ ہوجائے۔" اب، یہ موت آپکے بچونکو قبر میں نہیں رکھ سکتی ہے۔ یہ تو بس آرام کی جگہ ہے، یا چھپنے کی جگہ ہے، پھر فانی لافانی کو پہن لے گا۔

33 خُداوند، ہونے دے آج رات ہم اسے، سادگی سے دیکھ سکیں، یہ کلام میں ہے اور ہمیں دیا گیاہے۔ ہمیں فہم سے بھر دے۔ اور اے خُداوند، ہمیں، اپنی ڈیوٹی پر مقرر کردے، تاکہ ہم ایمانداری کیساتھ خدمت کریں جب تک تُو آنہ جائے۔ ہم یہ اُسکے وسیلے، اور یسُوع کے نام میں مانگتے ہیں۔ آمین۔

34 اب، افیسوں کی کتاب، جیسا میں کچھ دیر پہلے کہہ رہا تھا، میرے... میرے خیال کے مطابق، نئے عہد نامے کی کتابوں میں سے یہ ایک عظیم ترین کتاب ہے۔ یہ ہمیں وہاں چھوڑتی ہے، جہاں کیلون ازم کا اختتام ہوجاتا ہے، اور دوسری طرف ارینین ازم ختم ہوجاتا ہے، لیکن افسیوں کی کتاب اسے اکٹھا کرتی ہے اور کلیسیا کو ٹھیک پوزیشن میں رکھتی ہے۔

35 اب، میں نے اسے یشوع کے ساتھ جوڑا ہے۔ اگر آپ نے غور کیا ہو، تو اسرائیل مصر سے نکالا گیا تھا، اور اُنکے سفر کے تین مراحل تھے۔ پہلا مرحلہ، مصر کو چھوڑنا تھا۔ اور دوسرا مرحلہ، بیابان تھا۔ اور تیسرا مرحلہ، کنعان تھا۔

36 اب، کنعان ہزار سالہ بادشاہی کی نمائندگی نہیں کرتا ہے۔ وہ غالب آنے والوں کی نمائندگی کرتا ہے، وہ غالب آنے والوں کا بٹوارا ہے، کیونکہ کنعان میں اُنہوں نے لوگوں کو مارا جلایا اور شہروں پر قبضہ کیا تھا۔ لیکن ہزار سالہ بادشاہی میں کسی کی موت نہیں ہوگی۔

37 اور دوسری بات یہ ہے، وہ ایمان کے وسیلے راستباز ٹھہرائے گئے، وہ موسیٰ پر ایمان لائے اور مصر کو چھوڑ دیا۔ پھر تقدیس ہے، وہ بیابان میں آگ کے ستون کے نیچے چلے اور برّے کی قربانی کو کفارے کیلئے قبول کیا۔ اور پھر اُس دیس میں پہنچے جسکا وعدہ کیا گیا تھا۔

38 اب، نئے عہد نامے کے بیلیور سے کس دیس کا وعدہ کیا گیا ہے؟ پاک رُوح کا وعدہ کیا گیا ہے۔ "کیونکہ آخری دنوں میں ایسا ہوگا،" یوایل 28:2، "اور میں ہر فرد بشر پر اپنی رُوح نازل کرونگا۔ اور تمہارے بیٹے بیٹیاں نبوت کرینگے۔ بلکہ میں ان ایّام میں غلاموں اور لونڈیوں پر اپنی روح نازل کرونگا، اور وہ نبوت کرینگے۔ اور میں آسمان میں عجائب ظاہر کرونگا۔ اور زمین پر، آگ کا ستون، اور دھواں، اور بخارات۔" اور پطرس نے، پینتی کوست کے دن، اپنا عنوان لیا اور منادی کی، "توبہ کرو، اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی معافی کیلئے، یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لے،" گناہوں کی، معافی کیلئے، سارے گناہوں کو دُور کرنے کیلئے۔

39 کیا آپ نے، یشوع پر غور کیا ہے، اِس سے پہلے وہ دریا پار کرتے، یشوع نے کہا، "خیموں کے درمیان جاؤ اور تم میں سے ہر ایک اپنے آپکو اور اپنے لباس کو پاک کرے، اور کوئی اپنی بیوی کے پاس نہ جائے، کیونکہ تین دن میں تم خُدا کا جلال دیکھو گے۔" دیکھیں؟ یہ-یہ موعودہ میراث کو حاصل کرنے کا عمل ہے۔ اب، اسرائیل کے ساتھ یہ وعدہ تھا، خُدا نے ابرہام سے، موعودہ سرزمین، یعنی فلسطین کا وعدہ کیا تھا، اور وہ ہمیشہ کیلئے اُسکے وارث بننے والے تھے۔ اور وہ ہمیشہ اُسی سرزمین میں رہنے والے تھے۔

40 اب، وہ موعودہ دیس میں آنے کیلئے، تین مراحل سے گزرتے ہیں۔ اب، غور کریں، نئے عہدنامے میں اسکا کامل نمونہ موجود ہے۔

41 اب، جسطرح میں نے کہا ہے، ہوسکتا ہے آپ میں سے کچھ عدمِ اتفاق کریں۔ آپ میں کچھ بیش قیمت ناضرین لوگ ہیں، اور چرچ آف گاڈ، اور باقی بھی ہیں، یہ آپکو چوٹ پہنچانے کیلئے نہیں ہے، لیکن آپ اسے قریب سے دیکھیں اور اسکے نمونوں پر غور کریں۔ غور کریں اور دیکھیں کیا ہر نمونہ کامل نہیں ہے۔

42 وہاں سفر کے تین مراحل تھے، اوریہاں اس سفر کے بھی تین مراحل ہیں۔ کیونکہ، ہم خُداوند یسُوع مسیح پر ایمان رکھنے کے وسیلے، ایمان سے راستباز ٹھہرے ہیں، ملکِ مصر کو چھوڑ کر، باہر آئے ہیں۔ اور ہم اُسکے خون

کی قربانی کے وسیلے پاک کیے گئے ہیں، اور ہمارے گناہ دھل چکے ہیں، اور ہم پردیسی اور مسافر بن گئے ہیں، ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم ایک دیس، اور ایک وعدے، اور آنے والے شہر کی تلاش میں ہے۔

43 اسی طرح اسرائیل بیابان میں، پردیسی تھا، آرام کی کوئی جگہ نہیں تھی، رات در رات وہ سفر کرتے تھے، آگ کے ستون کی پیروی کرتے تھے، لیکن آخر کار وہ موعودہ دیس میں پہنچ گئے اور وہاں آباد ہو گئے۔

44 یہی وہ مقام ہے جہاں ایمان لانے والا آتا ہے۔ وہ سب سے پہلے اس حقیقت کا اعتراف کرتا ہے کہ وہ ایک گناہ گار ہے؛ اور پھر وہ پانی کے وسیلے الگ کیا جاتا ہے، پانی، اور لہو کے وسیلے دھویا جاتا ہے، اور...بلکہ کلام کے پانی سے، اور، خُداوند یسُوع مسیح پر ایمان لانے کے وسیلے دھویا جاتا ہے۔ پھر، ایمان کے وسیلے راستباز ٹھہرتا ہے، اور وہ اسکا حصّہ بن جاتا ہے، اور مسیح کے وسیلے، خُدا میں مطمئن ہوجاتا ہے، یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لیکر، اپنے سفر پر گامزن ہو جاتا ہے۔ کیا آپ سمجھ گئے ہیں؟ سفر میں داخل ہونا ہے! پھر وہ ایک پردیسی اور ایک مسافر بن جاتا ہے۔ وہ اپنے سفر میں ہے کس لیے؟ ایک وعدے کیلئے جو خُدا نے کیا ہے۔

45 اسرائیل نے ابھی تک وعدہ حاصل نہیں کیا تھا، لیکن وہ اپنے سفر میں تھے۔ اور اُٹھائے بغیر...برائے مہربانی سمجھیں۔ اور یہی وہ جگہ ہے، جہاں

آپ ناضرین اور پلگرم ہولینس، اور باقی سب، گر گئے ہیں۔ کیونکہ، جب، اسرائیل اسی مقام، یعنی قادس برنیع پر پہنچا، اور جاسوس وہاں گئے اور کہا، "دیس تو بڑا زبردست ہے،" لیکن اُن میں سے کچھ نے واپس آکر کہا، "ہم اُس پر قبضہ نہیں کرسکتے ہیں، کیونکہ اُسکی دیواریں بہت بڑی ہیں، اور وغیرہ وغیرہ۔" لیکن یشوع اور کالب کھڑے ہوئے، اور کہا، "ہم اُس پر قبضہ کرنے سے بڑھکر ہیں!" کیونکہ اُنہوں نے پہلے ہی اپنی دستاویز پر دستخط کردیئے تھے، اُنہوں نے فضل کے دو کاموں پر ایمان رکھا تھا، یعنی راستبازی، اور تقدیس پر، اور اس سے آگے نہ جاسکے۔ اور، سنیں، وہ ساری نسل بیابان میں نیست ہوگئی۔ لیکن اُن میں دو تھے جو موعودہ دیس میں گئے تھے اور ثبوت کے ساتھ واپس آئے تھے کہ وہ ایک اچھا دیس ہے، "اور ہم اُسے حاصل کرنے سے بڑھکر قابل ہیں، کیونکہ یہ خُدا کا وعدہ تھا۔" پھر لوگ آگے بڑھنے، اور پاک روح حاصل کرنے کی بجائے، غیر زبانیں بولنے، اور پاک رُوح کا بپتسمہ، خُدا کی قوت، اور نشان، معجزات، اور عجیب کام کرنے کی بجائے، اُنہوں نے سوچا یہ کام اُنکی تعلیم اور رسومات کو ختم کردیں گے۔ اور پھر کیا ہوا؟ وہ راستے میں نیست ہوگئے! یہ درست ہے۔

46 لیکن بیلیور، یشوع اور قالب تیار تھے، وہ وعدے کے مطابق جارہے تھے، وہ اُس دیس میں چلے گئے، اور دیس کو لے لیا، اُس پر قبضہ کرلیا، اور

اُس میں آباد ہوگئے۔ اور ہم کبھی بھی راستبازی، اور تقدیس پر نہ رُکیں۔ بلکہ آئیں آگے پاک رُوح کے بپتسمہ تک چلیں۔بپتسمہ ہونے کے بعد، خُداوند یسُوع پر ایمان رکھنے سے نہ رُکیں۔ ہمیں رُکنا نہیں چاہیے کیونکہ اُس نے ہمیں گناہ آلودہ زندگی سے پاک کیا ہے۔ لیکن اب ہم ایک پوزیشن کی طرف گامزن ہیں، جوکہ پاک رُوح کے بپتسمہ کا وعدہ ہے۔ دیکھیں پطرس نے،پینتی کوست کے دن کہا، ”کیونکہ یہ وعدہ تم سے، اور تمہاری اولاد سے، اور اُن دُور کے لوگوں سے بھی ہے، جنہیں خُداوند ہمارا خُدا اپنے پاس بلائیگا۔“

47 اس لیے، افسس ٹھیک ہمیں یہاں یشوع کے، مقام پر رکھتا ہے۔ آپ غور کریں، جب یشوع، اُس دیس میں پہنچ گیا، اور اُسے لے لیا، تو اُس نے اُس زمین کو تقسیم کیا۔ ”یہاں افرائیم، یہاں منسی، یہاں بنیامین، یہاں جد، اوریہاں فلاں فلاں ہے۔“ اُس نے زمین کی تقسیم کی۔

48 اور غور کریں ! اوہ، اس سے ہمارے دلوں میں ہلچل مچ جاتی ہے ! ہر ایک عبرانی ماں، جب اپنے بچونکو جنم دے رہی تھی، تو اُنھوں نے دردِزہ میں، اُنہی جگہوں کا نام لیا، جو موعودہ دیس میں اُنہیں ملنے والی تھیں۔ اوہ، یہ ایک عظیم مطالعہ ہے ! کاش ہم اسکی تفصیل میں جاسکتے، اس میں گھنٹوں گھنٹے لگ جائینگے۔ کسی دن جب ہم اپنا چرچ تیار کرلیں گے، تو پھر میں یہاں آکرپورے دو مہینے لونگا، اور اس پر بولونگا۔ غور کریں جب، اُن میں سے، کسی

ماں نے کہا، "افرائیم،" جب وہ دردِزہ میں تھی، تو اُسے ٹھیک اُسکی مقررہ جگہ پر رکھا گیا جہاں اُسکے پاؤں تیل میں تھے۔ ٹھیک اُن میں سے ہر ایک کو اُنکے مقام پر رکھا گیا !

49 اور یشوع، اس بات کو نہیں جانتا تھا، لیکن پاک رُوح کی، تحریک کے وسیلے، موعودہ دیس میں پہنچنے کے بعد، ہر ایک آدمی سے اُسکا وعدہ پورا کیا گیا، اور ٹھیک اُنہیں وہی جگہ دی گئی جسکا وعدہ پاک رُوح نے اُنکے جنم پر کیا تھا۔

50 دیکھیں خُدا نے چرچ میں بعض لوگوں کو زچگی کے درد کے ذریعے، مقرر کیا ہے ! اوہ، کبھی کبھی یہ درد بہت شدید ہو جاتے ہیں۔ جب ایک چرچ اس دُنیا سے الگ ہو کر مصیبت برداشت کرتا ہے، اور خُداوند یسُوع پر ایمان رکھتا ہے، کہ پاک رُوح کا وعدہ ہمارے لئے بھی ویسا ہی ہے جیسا پینتیکوست کیلئے تھا، یہ دردِ زہ میں کس طرح کراہتے اور روتے ہیں ! لیکن جب یہ پیدا ہوتے ہیں، اور مقام کے لحاظ سے خُدا کی بادشاہی میں پیدا ہوتے ہیں، تو پھر پاک رُوح چرچ میں، کسی کو رسول، کسی کو نبی، کسی کو استاد، کسی کو پاسٹر، اور کسی کو بشر مقرر کردیتا ہے۔ پھر وہ انہیں، غیر زبانیں بولنا، اور غیر زبانوں کا ترجمہ عطا کر دیتا ہے، معرفت، حکمت، شفا کی نعمت، اور ہر طرح کے معجزات عطا کردیتا ہے۔

51 چرچ کس مقام پر ہے...اب یہی کام کرنے کا میرا مقصد ہے۔ چرچ

ہمیشہ کسی اور کی جگہ لینے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن ایسا مت کریں۔ اگر آپ منسی ہیں، تو آپ افرئیم کے کھیت میں اناج کبھی بھی نہیں اُگا سکتے ہیں۔ آپکو مسیح میں اپنا مقام حاصل کرنا ہے، اپنی مقررہ جگہ حاصل کرنی ہے۔ اوہ، جب ہم اس بات میں جاتے ہیں تو یہ گہری اور عمیق ہے، کیسے خُدا چرچ میں غیر زبان بولنے والے کو رکھتا ہے، اور دوسری بات...دیکھیں، ہمیں کئی بار سکھایا جاتا ہے، "ہم سبکو غیر زبانوں میں بولنا چاہیے۔" یہ غلط ہے۔ "ہم سب کو فلاں کام کرنا چاہیے۔" نہیں، ہمیں نہیں کرنا چاہیے۔ اُن سب نے ایک ہی کام نہیں کیا تھا۔ بلکہ ہر ایک کو...

52 ہر ایک کو، زمین بانٹی گئی تھی اور تحریک کے وسیلے تقسیم کی گئی تھی۔ اور، ہر ایک کو، میں کلام میں سے یہ بات آپکو بالکل صاف دکھا سکتا ہوں، کہ اُس نے اُنہیں وہی جگہ دی جو اُنکے لیے مقرر کی گئی تھی، پوزیشن کے لحاظ سے، اڑھائی قبیلوں کو دریا کے پار ہی رہنا تھا، اور اُن کی مائیں اُن کی پیدائش پر کس طرح روئی تھیں، اور اُسکے مطابق اُنکی جگہ کیسی ہونی چاہیے تھی۔

53 اور اب آپ اندر آگئے ہیں، تو اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ جنگ سے آزاد ہوگئے ہیں۔ آپکو اب بھی اس زمین کے ہر ایک انچ کیلئے لڑنا ہے جس پر آپ کھڑے ہیں۔ پس، غور کریں، کنعان عظیم آکاش کی نمائندگی نہیں کرتا ہے، کیونکہ یہاں جنگیں پریشانیاں قتل وغارت اور لڑائیاں، اور باقی چیزیں

ہیں۔ لیکن یہ اس بات کی نمائندگی کرتا ہے، کہ ایک کامل چال ہونی چاہیے۔

54 اور آج چرچز، اپنی چال کی وجہ سے گرتے جارہے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کا اپنا رویہ بھی کسی اور کو شفا پانے سے روک سکتا ہے؟ آپ بُرا سلوک کرتے ہیں، اور ایماندار گناہ کا اقرار نہیں کرتے ہیں، جسکی وجہ سے چرچ بُری طرح سے گرتا جارہا ہے۔ اور عدالت کے دن آپکو ہر چھوٹی چھوٹی بات کا حساب دینا پڑیگا۔ ”اوہ،“ آپ کہتے ہیں، ”اب، ایک منٹ رکیں، بھائی برینہم۔“ ٹھیک ہے، یہ بالکل سچ ہے۔ پھر اسکے متعلق سوچیں!

55 یشوع، جب پار ہوکر اُس دیس میں پہنچ گیا، تو خُدا نے اپنا وعدہ پورا کردیا...ذرا سوچیں، کوئی بھی ساتھی کھوئے بغیر پوری مہم میں جنگ کی، اور یہاں تک کہ کوئی خراش بھی نہ آئی، وہاں کوئی نرس نہیں تھی، کوئی فرسٹ ایڈ اور کوئی پٹی نہیں تھی۔ آمین۔ خُدا نے کہا، ”دیس تمہارا ہے، جاؤ لڑو۔“ ذرا سوچیں، پوری مہم میں لڑائی ہے، اور وہاں آس پاس کوئی ریڈ کراس نہیں ہے، وہاں کوئی زخمی ہونے نہیں جارہا!

56 اور اُنہوں نے عمونیوں اور حتیوں کو مارا، اور اُنکے درمیان کوئی بھی زخمی نہ ہوا جب تک گناہ اُنکے ڈیرے میں نہ آیا۔ اور جب عکن نے وہ بابل کی چادر اور سونے کی اینٹ لی، اور اُنہیں اپنے ڈیرے میں چھپا دیا، تو اگلے ہی دن اُنکے سولہ آدمی مر گئے۔ یشوع نے کہا، ”رکو! رکو! ایک منٹ ٹھہرو،

کہیں کوئی گڑبڑ ہے! یہاں کوئی مسئلہ ہے۔ ہم سات دن کا روزہ رکھیں گے۔ خُدا نے ہم سے وعدہ کیا ہے، 'کوئی ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا۔' ہمارے دشمن ہمارے پاؤں میں گرینگے۔ لیکن یہاں کوئی مسئلہ ہے۔ کہیں کچھ غلط ہوا ہے، 'کیونکہ ہمارے سولہ آدمی مُردہ پڑے ہوئے ہیں۔یہ ہمارے اسرائیلی بھائی ہیں، اور یہ مر چکے ہیں۔"

57 یہ بے گناہ، لوگ کیوں مرے؟ کیونکہ ایک آدمی ترتیب سے باہر تھا۔ آپ اس سبب پر غور کریں اسے سیکھنے کی ضرورت ہے؟ چرچ ٹھیک خُدا کے کلام کے ساتھ، قطار میں کھڑا ہے، خُدا کے ساتھ قطار میں ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ صف بندی میں ہے، اور بالکل ٹھیک چل رہا ہے، اور سنجیدگی سے، سب آدمیوں کے سامنے، خُدا کے خوف میں چل رہا ہے۔ لیکن بس ایک آدمی ہے جس نے چادر چوری کی ہے، اور ایسا کام کیا ہے جو اُسے نہیں کرنا چاہیے تھا، اور سولہ آدمی اُسکی وجہ سے مر گئے ہیں! میرا خیال ہے یہ سولہ تھے، شاید اس سے زیادہ تھے۔ میرا خیال ہے وفات پانے والے سولہ آدمی تھے۔

58 یشوع نے بلایا، اور کہا، "کوئی گڑبڑ ہے! خُدا نے وعدہ کیا ہے، لیکن کہیں کوئی غلطی ہے۔"

59 جب ہم کسی بیمار کو سامنے لاتے ہیں، اور لوگ اُسکی شفا کیلئے ناکام

ہو جاتے ہیں، تو پھر ہمیں، جماعت کو بلا کر سنجیدگی سے روزہ رکھنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ کہیں کوئی غلطی ہے۔ خُدا نے وعدہ کیا ہے، اور خُدا اسکے ساتھ قائم رہتا ہے، اور وہ اسے پورا کریگا۔

60 اور اُس نے روزے کی منادی کروائی۔ اور اُنہوں نے اسکا حل تلاش کرلیا، اُنہوں نے قرعہ ڈالا۔ اور عکن نے اسکا اعتراف کرلیا۔ اور اُنہوں نے عکن کو، اور اُسکے پورے گھرانے کو سنگسار کردیا، اور اُنہیں جلا کر راکھ کردیا، اور اُسے وہاں یادگاری کیلئے چھوڑ دیا۔ اور یشوع ٹھیک جنگوں میں آگے بڑھتا گیا، اور فتح پاتا گیا، اور کوئی رگڑ یا کوئی زخم تک نہ لگا۔ یہ آپکا مقام ہے۔

61 ایک دن اُسے تھوڑے وقت کی، بلکہ ایکسٹرا وقت کی ضرورت تھی۔ سورج غروب ہو رہا تھا، اور رات کے اندھیرے میں آدمی اچھی جنگ نہیں لڑسکتے تھے۔ یشوع، ایک عظیم جنگجو، اور خُدا کا ممسوع تھا، اور اُس ملک میں ٹھیک اپنے مقام پر کھڑا تھا، جیسے افسیوں نئی کلیسیا میں ہے، زمین پر قبضہ کرنا، زمین پر قابض ہونا، بلکہ زمین کا مالک بن رہا ہے، اور اسے حاصل کررہا ہے۔ اُسے مزید وقت چاہیے تھا، پس اُس نے کہا، "سورج، تھم جا!" اور سورج بارہ گھنٹوں کیلئے رُک گیا، جب تک اُس نے ملک پر فتح نہ پالی۔ سمجھے؟

62 اب افسیوں کی کتاب ہمیں مسیح میں ٹھیک مقام پر رکھتی ہے، جیسے وہ پاک دیس میں تھے۔ ہمیں پاک دیس میں نہیں رکھا گیا، بلکہ پاک رُوح میں رکھا

گیا ہے ! اب آئیں ایک حوالہ پڑھتے ہیں، اور دیکھتے ہیں چرچ کتنا کامل ہے:

پولُس کی طرف سے، جو خُدا کی مرضی سے یسُوع مسیح کا رسول ہے،...

63 اوہ، مجھے یہ پسند ہے ! خُدا نے اُسے رسول بنایا تھا۔ کسی بزرگ نے اُس پر ہاتھ نہیں رکھا تھا، کسی بشپ نے اُسے کہیں نہیں بھیجا تھا، بلکہ خُدا نے اُسے بلایا اور اُسے ایک رسول بنایا تھا۔

پولُس کی طرف سے جو خُدا کی مرضی سے مسیح یسُوع کا رسول ہے، اُن مُقدسوں کے نام (مُقدس لوگ) جو افسس میں ہیں، اور مسیح یسُوع میں ایماندار ہیں:

64 غور کریں وہ کیسے بیان کرتا ہے۔ یہ بے ایمانوں کیلئے نہیں ہے۔ یہ چرچ کے لیے ہے۔ یہ اُن لوگوں کے لیے ہے جو مسیح یسُوع میں مُقدس، اور بلائے ہوئے لوگ ہیں۔

65 اب، اگر آپ جاننا چاہتے ہیں کہ ہم مسیح یسُوع میں کیسے آتے ہیں، تو پھر آپ پہلا کرنتھیوں 12 کو نکالیں، وہاں لکھا ہے، "کیونکہ ہم سب نے ایک ہی رُوح کے وسیلے ایک بدن میں شامل ہونے کا بپتسمہ لیا ہے۔" کیسے؟ کس کے وسیلے بپتسمہ لیا ہے؟ پاک رُوح کے وسیلے۔ پانی کے بپتسمے کے وسیلے نہیں، یہ

آپ چرچ آف کرائسٹ کے لوگوں کیلئے ہے، کیپٹل ایس-پی-آئی-آر-آئی-ٹی، روح کے وسیلے۔ ہاتھ ملانے کے وسیلے نہیں، لیٹر کے وسیلے نہیں، چھڑکاؤ کے وسیلے نہیں۔ بلکہ، "ایک رُوح کے وسیلے ایک بدن میں شامل ہونے کا بپتسمہ لیا ہے،" ہماری ملکیت، اور ہمارا دیس جو خُدا نے ہمیں رہنے کیلئے دیا ہے، پاک رُوح ہے۔ جیسے اُس نے یہودیوں کو کنعان دیا تھا، ہمیں پاک رُوح دیا ہے۔ "کیونکہ ہم نے ایک ہی رُوح کے وسیلے ایک بدن میں شامل ہونے کا بپتسمہ لیا ہے۔" آپ سمجھ گئے ہیں؟

66 اب، یہاں وہ رُوحانی کنعانیوں سے بات کررہا ہے، اسرائیل سے، رُوحانی اسرائیلیوں سے جنہوں نے دیس حاصل کرلیا ہے۔ اوہ، کیا آپ خوش نہیں آپ مصر کے لہسن سے باہر آگئے ہیں؟ کیا آپ خوش نہیں آپ جنگل سے باہر آگئے ہیں؟ اور، یاد رکھیں، اُنہوں نے من کھایا، یعنی فرشتوں کا کھانا جو آسمان سے اُترتا تھا، جب تک وہ سرحد پار کرکے اُس دیس میں نہ پہنچ گئے۔ اور جب وہ پار ہوکر اُس دیس میں پہنچ گئے، من نازل ہونا بند ہوگیا۔ پھر وہ مکمل طور پر بالغ ہوگئے، اور دیس کا پُرانا کھانا کھانا شروع کردیا۔ دیکھیں، اب آپ مزید بچے نہیں رہے ہیں، اب آپ انجیل کے خالص دودھ کے خواہشمند نہیں ہیں، کہ اب بھی آپکی بچے کی طرح دیکھ بھال کی جائے، اور تھپکی دی جائے، اور چرچ آنے کیلئے قائل کیا جائے، اب آپ حقیقی اور مکمل بالغ مسیحی ہیں،

اب آپ ٹھوس غذا کھانے کیلئے تیار ہیں۔ "آپ اُس میں آنے کیلئے تیار ہیں،" جو اُس نے کہا ہے۔ آپ اُن باتوں کیلئے تیار ہیں جو گہری اور عمیق ہیں۔ اوہ، ہم اُن میں سیدھا جائینگے۔ اور، اوہ، وہ زمین کی بنیاد سے پوشیدہ پڑی ہوئی ہیں۔ اُس نے کہا، "اب تم اس میں آچکے ہو، اس لیے میں تم سے یہ بیان کررہا ہوں۔" اُن سے نہیں جنہوں نے ابھی ابھی مصر چھوڑا ہے، اُن سے نہیں جو ابھی تک سفر میں ہیں، بلکہ اُن سے مخاطب ہوں جو موعودہ دیس میں ہیں، جنہوں نے وعدہ حاصل کرلیا ہے۔

67 کتنوں نے موعودہ پاک رُوح حاصل کرلیا ہے؟ اوہ، کیا آپ خوش نہیں ہیں کہ آپ اُس دیس میں ہیں؟ اور اب یہاں، آپ ٹھوس غذا کھا رہے ہیں، اور خُدا کی ٹھوس باتیں لے رہے ہیں اور صاف سمجھ رہے ہیں۔ آپ-آپ کا رُوحانی ذہن ساری ابتری سے باہر ہے۔ آپ بالکل ٹھیک جانتے ہیں کہ وہ کیا ہے۔ آپ بالکل ٹھیک جانتے ہیں وہ کون ہے؟ آپ بالکل ٹھیک جانتے ہیں آپ کہاں جارہے ہیں۔ آپ اس بارے میں بالکل ٹھیک جانتے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ آپ کس پر ایمان لائے ہیں اور قائل ہیں کہ وہ اس چیز کو محفوظ رکھ سکتا ہے جو آپ نے اُس دن کے لئے اُسکے سپرد کی ہے۔ اوہ، یہی وہ ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن سے پولُس بات کررہا ہے۔ اب غور کریں۔ دھیان سے سُنیں۔

... مسیح یسُوع میں ایماندار ہیں:

68 اب، میں اسے چرچ میں دہراتا ہوں۔ ہم مسیح میں کیسے شامل ہوتے ہیں؟ چرچ سے جڑنے کے وسیلے؟ نہیں۔ اپنا نام رجسٹر میں لکھوانے کے وسیلے؟ نہیں۔غوطے کا بپتسمہ لینے کے وسیلے؟ نہیں۔ ہم کیسے مسیح میں شامل ہوتے ہیں؟ پاک رُوح کے وسیلے ہم سب نے ایک ہی وعدے میں، اورایک ہی بدن میں شامل ہونے کا بپتسمہ لیا ہے، اور جو کچھ اُس دیس میں ہے اُسکے حصّے دار بن گئے ہیں۔ آمین ! اوہ، میں-میں اسے پسند کرتا ہوں۔ اگر میرا گلا خراب نہ ہوتا، تو میں چِلاتا۔ میرے خُدایا، جب میں اس دیس میں آگیا ہوں، تو یہ میرا ہے۔ اب میں گھر میں ہوں؛ میں کنعان میں ہوں۔ خُدا جس کام کیلئے مجھے استعمال کرنا چاہتا ہے میں حاضر ہوں۔ میں پاک زمین پر چل رہا ہوں، بادشاہ کا بیٹا ہوں، لباس پہن کر تیار ہوں۔ میں مصر سے باہر آچکا ہوں، میں موعودہ دیس میں آچکا ہوں، میں آزمائشوں میں قائم رہا، اوریردن پار کرکے اس مبارک وعدہ میں شامل ہوگیا ہوں۔ اوہ، میں نے اسے کیسے حاصل کیا؟ ایک رُوح کے وسیلے۔ پولُس نے اسے اسی طرح پایا، اور اسی طرح یہ مجھ پر نازل ہوا جیسے اُس پر ہوا تھا، اور جیسے آپ پر ہوا تھا۔ ”ایک ہی رُوح کے وسیلے ہم سب نے بپتسمہ لیا ہے۔“ چھڑکاؤ کا نہیں، کہ بس تھوڑا سا پانی چھڑکا جائے، یہ اچھا لگتا ہے؛ لیکن پانی کے نیچے جانا ہے ! سب کچھ پاک رُوح کے

ماتحت، رہنے کیلئے بنایا گیا ہے۔ یہی وعدہ ہے۔

69 ہمارا افسیوں، ہمارا یشوع، پاک رُوح ہے، یشوع کا مطلب ہے "یسُوع، نجات دہندہ ہے۔" یشوع کا مطلب پاک رُوح کی نمائندگی ہے جیسے وہ فطری تھا ویسے ہی یہ رُوحانی ہے، اور یہ ہمارا عظیم جنگجو ہے۔ یہ ہمارا عظیم لیڈر ہے۔ جیسے خُدا یشوع کے ساتھ تھا، ویسے ہی خُدا (پاک رُوح کی صورت میں) ہمارے ساتھ چل رہا ہے۔ اور جب گناہ ڈیرے میں آتا ہے، تو پاک رُوح کہتا ہے رُک جاؤ، "یہاں اس چرچ میں کیا گڑبڑ ہے؟ کچھ غلط ہے۔" اوہ، کیا آپ نہیں دیکھ سکتے اب قیس کے کتنے بیٹے ہمارے درمیان موجود ہیں؟ بہت سارے ساؤل آج سیمینریوں اور تھیولوجیکل سکولوں سے آرہے ہیں اور باہر جاکر غلط باتیں سکھا رہے ہیں، جیسے بائبل نے انکے بارے میں فرمایا تھا کہ وہ کرینگے۔ "ظاہری طور پر، ایمان نہیں رکھتے ہیں، آپ سے الگ تھلگ رہتے ہیں، آپکے ساتھ کوئی میل جول نہیں رکھتے ہیں، اور وغیرہ وغیرہ، دینداری کی وضع تو رکھتے ہیں لیکن اُسکے اثر کو قبول نہیں کرتے ہیں: ایسوں سے کنارہ کرنا۔" وہ نہیں جانتے وہ کہاں سے آئے ہیں، اور وہ کوئی سبب نہیں بتا سکتے ہیں۔

70 میں یہ بات بھائی بُوتھ کلِب بون کی طرف سے کہہ رہا ہوں، وہ میرا دوست ہے، اگر کوئی ایسی چیز ہے جو کہ ایک ناجائز-...ناجائز چیز ہے اور دُنیا میں،

خُدا کی تخلیق کے علاوہ پیدا کی گئی ہے، تو وہ خچر ہے۔ خچر ساری چیزوں سے نیچے ہے۔ اور وہ ہے...وہ-وہ نہیں جانتا وہ کون ہے۔ وہ اپنی نسل نہیں بڑھا سکتا۔ اور ایک خچر دوسرے خچر کو پیدا نہیں کر سکتا ہے تاکہ خچر پیدا ہوں۔ وہ ختم ہوگیا ہے۔ وہ نہیں جانتا اُسکا باپ کہاں سے آیا تھا، اور نہ ہی اپنی ماں کو جانتا ہے، کیونکہ وہ ایک چھوٹے-چھوٹے گدھے اور گھوڑی کی مخلوط نسل ہے۔ خُدا نے کبھی ایسا نہیں کیا ہے۔ ایسی چیزیں خُدا کے کھاتے میں نہ ڈالیں۔ خُدا نے کبھی ایسا نہیں کیا۔ خُدا نے کہا، "ہر چیز اپنی نسل پیدا کریگی۔" جی ہاں، جناب۔ لیکن خچر ایک-ایک خچر ہے...اُسکا باپ ایک گدھا تھا اور اُسکی ماں ایک گھوڑی تھی، اسلئے وہ نہیں جانتا وہ کہاں سے آیا ہے۔ وہ-وہ-وہ خچر ہوتے ہوئے ایک گھوڑا بننے کی کوشش کررہا ہے، اور ایک خچر...یا-یا ایک گھوڑا ہوتے ہوئے گدھا بننے کی کوشش کررہا ہے، یا گدھا ہوتے ہوئے گھوڑا بننے کی کوشش کررہا ہے۔ وہ نہیں جانتا وہ کہاں سے آیا ہے۔ اور وہ دنیا کا سب سے زیادہ ضدی جانور ہے۔ آپ کبھی بھی اُس پر بھروسہ نہیں کر سکتے ہیں۔

71 اور اسی طرح کے بہت سارے لوگ چرچ میں موجود ہیں۔ وہ نہیں جانتے اُنکا باپ کون ہے، وہ نہیں جانتے اُنکی ماں کون ہے۔ وہ بس ایک بات جانتے ہیں، وہ پریسبیٹیرین، میتھوڈسٹ، بپٹسٹ، یا پینتی کاسٹل، یا کچھ

اور ہیں۔ وہ نہیں جانتے وہ کہاں سے آئے ہیں۔ اور آپ ایک بوڑھے گدھے پر چلا سکتے ہیں، آپ اُس پر جتنا چاہیں اُتنا چلا سکتے ہیں، اور وہ اپنے لمبے کانوں کو چپکائے کھڑا رہیگا، اور دیکھتا رہیگا۔ آپ ایسے لوگوں میں ساری رات منادی کر سکتے ہیں، جب وہ جاتے ہیں تو وہ اُس وقت اُتنا ہی جانتے ہیں جتنا وہ آتے وقت جانتے تھے۔ دیکھیں، یہ بالکل سچ ہے۔ میرا مطلب خفا ہونا نہیں، بلکہ میں آپکو سچائی بتا رہا ہوں۔

72 مگر ایک چیز ہے جو وہ کر سکتے ہیں، وہ یہ ہے کہ وہ اچھے مزدُور بن سکتے ہیں۔ اوہ، وہ بس کام، کام، کام، کام کر سکتے ہیں۔ یہ بات مجھے ارینین گروہ کی طرف لے جاتی ہے وہ آسمان پر جانے کیلئے ہمیشہ ایسے کام کرنے کوشش کرتے ہیں۔ یہ درست بات ہے، یہ ایک خچر ہے۔ اوہ، خواتین کی امدادی سوسائٹی ہے، اور رات کا کھانا ہے، مناد کو تنخواہ، دی جاتی ہے۔ "اور ہمیں اسطرح رقص کرنا ہے، اور یہ سماجی کام کرنا ہے۔" اور یہ بس کام، کام، کام، کام، کام، کام، اور کام ہے۔ اور، یہ، کس کیلئے کام کر رہے ہیں؟

73 آپ ان سے پوچھیں، "کیا ایمان لاتے وقت آپ نے پاک رُوح پایا؟"

74 یہ اپنے کان بند کر لیتے ہیں، اور یہ نہیں جانتے ہیں یہ کہاں سے ہیں، "آپکا کیا مطلب ہے؟ یہ کہاں سے آیا ہے؟ کیا آپکا مطلب، پاک رُوح ہے؟ میں نے اس بارے میں کبھی نہیں سُنا۔ اوہ، آپ ایک قسم کے پکے جنونی ہیں۔"

دیکھیں، یہ، نہیں جانتے ہیں باپ کون تھا، اور ماں کون تھی۔ اور آپ جو بھی کریں انہیں ہر طرف سے پیٹنا پڑیگا، یہاں سے ماریں اور وہاں سے ماریں، یہاں سے ماریں اور وہاں سے ماریں۔یہ درست ہے، یہ ایک پُرانا خچر ہے۔

75 لیکن، میں آپکو بتاتا ہوں، آپکو کسی اچھے نسلی گھوڑے کے ساتھ یہ نہیں کرنا پڑیگا۔ بس اُسکو ایک بار چابک ماریں، اور بھائی، وہ چل پڑتا ہے۔ وہ جانتا ہے وہ کیا کر رہا ہے۔ اوہ، ایک نسلی گھوڑے پر سواری کرنا کتنا اچھا ہے! کتنا اچھا لگتا ہے یہ کہنا، "لڑکے، آجاؤ۔" اوہ، بھائی، بہتر ہے کہ مضبوطی سے پکڑ کر رکھیں، ورنہ وہ کاٹھی کو ہوا میں اُڑا دیگا۔

76 ایک حقیقی نسلی مسیحی بھی اسی طرح ہوتا ہے۔ ہلّلُویاہ! "آپ پاک رُوح حاصل کریں۔ توبہ کرو، اور تم میں سے ہر ایک، اپنے گناہوں کی معافی کیلئے، یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لے۔" وہ گئے، جتنی جلدی وہ پانی میں جاسکتے تھے، وہ چلے گئے۔ ایسے لوگ دن رات چین سے نہیں رہ سکتے ہیں جب تک پاک رُوح حاصل نہ کرلیں۔ کیوں؟ آپ جانتے ہیں، ایک کرسچن جانتا ہے اُسکا باپ کون تھا۔ دیکھیں، جنم دینے کیلئے دو ہوتے ہیں۔یہ درست ہے، ماں اور باپ ہوتے ہیں۔ خچر نہیں جانتا باپ کون تھا، اور ماں کون تھی۔ لیکن ہمیں معلوم ہے باپ کون تھا اور ماں کون تھی، کیونکہ ہم خُدا کے لکھے ہوئے کلام کے وسیلے پیدا ہوئے ہیں، اور پاک رُوح کے وسیلے تصدیق

ہوئی ہے۔ پطرس نے، پینتیکوست کے دن کہا، ''اگر تم میں سے، ہر ایک توبہ کرے، اور یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لے، اپنے گناہوں کی معافی کیلئے، تو تم رُوحُ القُدس انعام میں پاؤ گے۔''

77 اور، بھائی، ایک حقیقی نیا جنم پایا ہوا مسیحی بن جاؤ گے، (اوہ، میرے خُدایا) اُسکی رُوح، جیسے ہی کلام کو قبول کرتی ہے، وہ پاک رُوح پا لیتی ہے۔ پھر اُس سے کچھ پوچھیں! وہ جانتا ہے وہ کہاں کھڑا ہے۔ ''کیا تم الٰہی شفا پر ایمان رکھتے ہو؟''

''آمین!''

''کیا تم آمدِ ثانی پر ایمان رکھتے ہو؟''

''آمین!''

78 یہ بات خچر سے پوچھیں۔ خچر کا مذہب، ''اوہ، میں نہیں جانتا۔ ڈاکٹر جونز نے ایک بار یہ کہا تھا...'' اوہ! یہ، ساؤل کے پیروکار ہیں۔ سمجھے؟ ''اوہ، یہ نہیں جانتے۔ خیر، میں آپکو بتاتا ہوں، میرا چرچ اس بارے میں پُر یقین نہیں ہے۔''

79 اوہ، بھائی، لیکن نیا جنم پایا ہوا ہر ایک مرد اور عورت خُداوند یسُوع کی آمد کے بارے میں پُر یقین ہیں، اُنہیں ویسے ہی یقین ہے جیسے اُنہیں رُوحُ القُدس

ملا ہے جیسے رُوحُ القُدس کا دیا جانا یقینی ہے۔

80 اب، یسُوع نے کہا...جب ایک عورت کنویں پر آئی اور کہا، ''ہم اس پہاڑ پر عبادت کرتے ہیں، اور یہودی یروشلیم میں عبادت کرتے ہیں۔''

81 اُس نے کہا، ''خاتون، میرا کلام سُن ! وہ وقت آرہا ہے، بلکہ اب ہی ہے، کہ سچے پرستار باپ کی پرستش رُوح اور سچائی سے کرینگے۔''

82 ''تیرا کلام سچائی ہے۔'' اور ہر ایک شخص جو بائبل پڑھے گا اور جو بائبل کہتی ہے اُس پر ایمان رکھے گا، اور اُسکی ہدایات پر عمل کریگا، تو وہ پاک رُوح پائیگا جو اُنہوں نے پایا تھا، اور اُسی طرح پائیگا جیسے اُنہوں نے پایا تھا، اور وہی نتائج ملیں گے جو اُنہیں ملے تھے، اور وہی قوت ملے گی جو اُنہیں ملی تھی، ایسا شخص جانتا ہے اُسکا باپ اور اُس کی ماں کون تھے۔ وہ جانتا ہے یسُوع مسیح کے لہو سے وہ دھویا گیا ہے، اور رُوح سے پیدا ہوا ہے، اور خُدا کے مسح سے بھر گیا ہے۔ وہ جانتا ہے وہ کہاں کھڑا ہے۔ یقیناً ! وہ کنعان میں ہے۔ وہ جانتا ہے وہ کہاں سے آیا ہے۔ ایک حقیقی مسیحی کے ساتھ اسی طرح ہوتا ہے۔ اُس سے پوچھیں، ''کیا آپ نے ایمان لاتے وقت رُوحُ القُدس پایا ہے؟''

''آمین، بھائی !''

83 ایک دن بانوے سال کی، ایک مُقدس بزرگہ کے پاس کھڑا ہوا تھا، اُس

کی اَسی سالہ بزرگ پاسٹر سے بات ہورہی تھی، میں نے کہا، "دادی ماں؟"

بس وہ اپنے بھرپور جلال میں بولی، اور کہا، "ہاں، میرے بیٹے۔"

84 میں نے کہا، "کتنی دیر پہلے آپ نے پاک رُوح پایا تھا؟"

اُس نے کہا، "خُدا کی تعریف ہو! ساٹھ سال پہلے میں نے اسے پایا تھا۔"

85 اب، اگر وہ خچر ہوتی، تو وہ کہتی، "اب، ایک منٹ ٹھہریں، میں بتاتی ہوں مجھ پر چھڑکاؤ کیا گیا تھا جب میں...اور، یقیناً، اُنہوں نے مجھے چرچ میں شامل کرلیا تھا اور میں نے اپنا لیٹر لے لیا تھا۔" اوہ، مجھ پر رحم کرو! لیکن وہ یہ نہیں جانتے ہیں وہ کہاں سے آئے ہیں۔

86 لیکن وہ جانتی تھی اُسکا پیدائشی حق کہاں سے آیا ہے۔ جب یہ ہوا تو وہ وہاں موجود تھی۔ اُس نے پانی اور رُوح سے نیا جنم حاصل کیا تھا۔ وہ جانتی تھی، اُس نے کلام کے پانی کے وسیلے اپنے آپکو دھویا ہے، اور کلام کو قبول کیا ہے۔

87 اب غور کریں یہ بیان کیسے دیا گیا ہے، "اُنکے نام جو مسیح یسُوع میں ہیں۔" اب، پولُس کو، یاد رکھیں...میں زیادہ وقت لے رہا ہوں، لیکن میں اس پورے باب کو ختم نہیں کرپاوں گا۔ لیکن میں جلدی کرونگا...کیا آپ یہ پسند

کرتے ہیں؟ اوہ، یہ ہمیں بتاتا ہے ہم کہاں ہیں، لیکن ہم اسے ایک رات میں سیکھ نہیں سکتے ہیں۔ ہمیں ہر رات، ایک یا دو ماہ تک یہی کرنا پڑیگا، تاکہ اسے لفظ بہ لفظ، اچھی طرح سیکھ سکیں۔ تاکہ واپس جاؤں اور تاریخ میں سے اسکی کھوج کرو، اور لفظ بہ لفظ دیکھوں، اور آپ کو دکھاؤں کہ یہ سچ ہے۔ اب میں یہ آیت جلدی سے دوبارہ پڑھونگا۔

پولُس کی طرف سے، جو خُدا کی مرضی سے مسیح یسُوع کا رسول ہے (نہ کہ انسان کی مرضی سے)، اُن مقدسوں کے نام جو افسس میں ہیں، اور (حرفِ ربط ہے) مسیح یسُوع میں اِیماندار ہیں:

88 اِسکا مطلب ہے، "یہ بلائے ہوئے، اور الگ کئے ہوئے ہیں، اور پاک رُوح کا بپتسمہ پایا ہوا ہے، اور مسیح یسُوع میں ہیں۔ میرے پیاروں، میں یہ خط تمہیں لکھ رہا ہوں۔" اوہ! میں اب ٹھیک پولُس کے بارے میں سوچ رہا ہوں، اوہ، وہ انکے لیے کتنا خوش ہے! یہ بزرگ رسول تھا جسکا سر قلم کردیا گیا تھا۔ میں اُس مقام پر گیا تھا جہاں اُنہوں نے اُسکا سر قلم کیا تھا۔ لیکن، اوہ، اب اُسکا سر اُسکے نئے جسم میں لگا ہوا ہے، اور اُسے دوبارہ کبھی کاٹا نہیں جا سکتا ہے۔ اور وہ اس گھڑی اُنکے ساتھ وہاں کھڑا ہوا ہے، یہ وہی رسول ہے جس نے یہ لکھا تھا۔ اور کہا، "تم جو مسیح یسُوع میں ہو! ایک ہی رُوح کے وسیلے ہم سب نے ایک بدن میں شامل ہونے کا بپتسمہ لیا ہے۔" اب

غور کریں۔

ہمارے باپ خُدا، اور، خُداوند یسُوع مسیح کی طرف سے، تمہیں... فضل اور اِطمینان حاصِل ہوتا رہے۔

ہمارے خُداوند یسُوع مسیح کے خُدا اور باپ کی حمد ہو، جس نے ہمیں ہر طرح کی برکت بخشی...

اوہ، چارلی، کیا تم یہ سُن رہے ہو؟

...جِس نے ہمیں ہر طرح کی رُوحانی بَرکتیں بخشی ہیں...

89 صرف کچھ رسولوں کو نہیں، اور کچھ چیزیں نہیں، بلکہ اُس نے ہم سبکو تمام رُوحانی برکتیں بخشی ہیں۔ جو پاک رُوح پینتیکوست کے دن اُترا وہی پاک رُوح آج رات یہاں اُترا ہوا ہے۔ وہی رُوحُ القُدس جس نے مریم کو چلانے اور زبانوں میں بولنے، اور شاندار وقت گزارنے اور خوشی منانے پر مجبور کیا، اور باقی سب کام جو اُس نے کیے، وہی پاک رُوح آج رات اس جگہ موجود ہے۔ وہی پاک رُوح جس نے پولُس کو اُس پُرانے جہاز میں سوار ہونے دیا، ایسا لگ رہا تھا کہ اُس میں پانی بھرگیاہے اور وہ ختم ہو گیا ہے، اورچودہ دن اور راتیں، کوئی چاند یا ستارا نظر نہ آیا۔ اُس نے وہاں دیکھا تو ہر لہرپر ایک شیطان سوار تھا، اور پھسل رہا تھا، اور دانت دکھا رہا تھا، اور کہہ رہا تھا، "میں تجھے، اب غرق کردونگا، اے بوڑھے آدمی۔ میں نے تجھے اب

پکڑ لیا ہے۔“

90 اور جب پولُس نیچے دُعا کرنے گیا، تو وہاں ایک فرشتہ کھڑا ہوا تھا، کہا، ”پولُس، تجھے ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ یہ پُرانا جہاز فلاں فلاں جزیرے پر جا کر ٹوٹے گا۔ آگے بڑھ اور اپنا کھانا کھا، اب سب کچھ ٹھیک ہے۔“

91 یہاں وہ اپنے کمزور ہاتھوں میں زنجیروں کے ساتھ آگے بڑھا، اور پاؤں میں بیڑیاں لگیں ہوئی تھیں، اور کہا، ”اے صاحبو، خُدا کیلئے، خاطر جمع رکھو، کیونکہ خُدا کا فرشتہ، جسکا میں خادم ہوں، میرے سامنے آ کھڑا ہوا اور کہا، 'پولُس، تجھے ڈرنے کی ضرورت نہیں۔“' وہی پاک رُوح آج رات یہاں موجود ہے، وہی خُدا کا رُوح، رُوحانی برکتوں سے ہمیں بھر رہا ہے۔

...ہمیں آسمانی مقاموں پر ہر طرح کی رُوحانی برکت بخشی...

92 اوہ، آئیں ہم یہاں ذرا ایک منٹ کیلئے رُکتے ہیں۔ ”آسمانی مقاموں میں۔“ اب، کسی اور مقام میں نہیں، بلکہ آسمانی مقاموں میں۔ ہم ” آسمانوں،“ میں اکٹھے ہوئے ہیں، اِسکا مطلب ہے ایماندار کی پوزیشن۔ دیکھیں، میں نے دُعا کرلی ہے، آپ نے دُعا کرلی ہے، یا چرچ نے دُعا کرلی ہے، اور ہم پیغام کیلئے تیار ہیں، اور ہم مُقدسوں کی طرح یہاں اکٹھے ہوئے ہیں، بلائے ہوئے ہیں، پاک رُوح کا بپتسمہ پایا ہوا ہے، اور خُدا کی برکتوں سے بھرے ہوئے ہیں، بلائے ہوئے، چُنے ہوئے، اور اب آسمانی مقاموں میں

بیٹھے ہوئے ہیں، ہم اپنی روحوں میں آسمانی ہیں۔ ہماری رُوحیں ہمیں آسمانی ماحول میں لے آئی ہیں۔ اوہ، بھائی ! آپ یہاں ہیں، ایک آسمانی ماحول میں ہیں ! اوہ، آج رات کیا کیا ہو سکتا ہے، آج رات کیا کچھ ہو سکتا ہے کیونکہ ہم یہاں ایک آسمانی ماحول میں بیٹھے ہوئے ہیں، اور پاک رُوح ہر ایک دل میں جو نئے سِرے سے پیدا ہوا ہے اور مسیح یسُوع میں ایک نئی مخلوق ہے جنبش کر رہا ہے؟ سارے پاپ لہو کے نیچے ہیں، اور کامل عبادت میں، ہم سب کے ہاتھ اور ہمارے دل خُدا کی طرف اُٹھے ہوئے ہیں، اور مسیح یسُوع میں آسمانی مقاموں میں بیٹھے ہوئے ہیں، اور آسمانی مقاموں میں ملکر عبادت کر رہے ہیں۔

93 کیا آپ کبھی اس میں بیٹھے ہیں؟ اوہ، میں تو اس میں تب تک بیٹھا رہونگا جب تک میں خوشی سے رو نہ پڑوں اور کہونگا، "اے خُدا، مجھے یہاں سے کبھی نہ جانے دینا۔" یہ مسیح یسُوع میں آسمانی مقام ہے !

94 ہمیں کونسی برکتیں دی گئی ہیں؟ الٰہی شفا، پیشگی علم، مکاشفہ، رویا، قوت، زبانیں، ترجمہ، حکمت، اور معرفت، یہ سب آسمانی برکتیں ہیں، یہ جلال سے بھرپور اور ناقابل بیان خوشی سے بھری ہوئی ہیں، رُوح سے بھرا ہوا دل، ایک ساتھ ملکر چل رہا ہے، اور آسمانی مقاموں میں بیٹھا ہوا ہے، اور ہمارے درمیان کوئی بھی بُرے خیال والا آدمی نہیں ہے، کوئی سگریٹ پینے والا نہیں ہے، کوئی آدھے کپڑے پہننے والی نہیں ہے، کوئی بھی یہ، یا وہ نہیں کرتا ہے،

کوئی بُرا خیال نہیں ہے، کوئی کسی دوسرے کے خلاف نہیں ہے، ہر کوئی پریم اور میل جول کی بات کرتا ہے، سب ایک دل اور ایک مقام میں ہیں، ''پھر یکایک آسمان سے ایسی آواز آتی ہے جیسے زور کی آندھی کا سُناٹا ہوتا ہے۔'' آپ اسی مقام میں ہیں، ''کیونکہ اُس نے ہمیں تمام رُوحانی برکتیں بخشی ہیں۔''

95 پھر یہاں پاک رُوح کسی پر اُتر سکتا ہے، اور کہہ سکتا ہے، ''خُداوند یوں فرماتا ہے۔ فلاں فلاں جگہ جاؤ اور فلاں فلاں کام کرو۔'' دیکھیں یہ چٹکی بجاتے ہوجاتا ہے۔ [بھائی برینہم چٹکی بجاتے ہیں-ایڈیٹر۔] سمجھے؟ ''خُداوند یوں فرماتا ہے۔ فلاں جگہ پر فلاں کام کرو۔'' دیکھیں یہ اُسی طرح ہوتا ہے۔ [بھائی برینہم اپنی اُنگلی سے چٹکی بجاتے ہیں۔]

96 ''ہمیں ایک ساتھ آسمانی مقاموں میں آسمانی برکتیں بخشی ہیں۔'' غور کریں!

اور اُس نے ہمیں چُن لیا ہے...

97 کیا ہم نے اُسے چُنا، یا اُس نے ہمیں چُنا؟ اُس نے ہمیں چُنا۔ کب؟ کیا اُس رات جب ہم نے اُسے قبول کیا تھا؟ چُنا تھا!

چنانچہ اُس نے ہم کو بنایِ عالم سے پیشتر اُس میں چُن لیا، تاکہ

ہم اُسکے نزدِیک... محبّت میں پاک...(کیا تنظیموں میں؟)...اور بے عَیب ہوں:

98 خُدا نے ہمیں کب چُنا؟ خُدا نے آپکو کب چُنا جب پاک رُوح پایا؟ کب اُس نے آپکو چُنا؟ بنایِ عالم سے پیشتر۔ اپنے علمِ سابق کے وسیلے، وہ جانتا تھا اور اُس نے پیشگی دیکھ لیا تھا آپ اُس سے پیار کرینگے۔ اور اس سے پہلے دنیا کی بنیاد رکھی جاتی، اُس نے آپکو چُن لیا تھا، اور یسُوع کو بھیجا تاکہ وہ آپکے گناہوں کا کفارہ دے، اور آپکو اپنے ساتھ، ملانے کیلئے، اور محبت کیلئے بلائے۔ اوہ، ہماری خواہش ہے کاش ہمارے پاس اور وقت ہوتا۔

99 میں چاہتا ہوں، اس سے پہلے ہم آگے بڑھیں، واپس،پیدائش 26:1 میں چلتے ہیں۔ میں بدھ کو اس پر بات کرونگا۔ خُدا نے جب انسان کو بنایا...یا اس سے پہلے وہ انسان کو بناتا، اُس نے اپنے آپکو "ایل، " ای-ایل، ای-ایل،-ایچ "اله،" "ایلوھیم کہا۔" عبرانی میں، اس لفظ کا مطلب ہے، "واجب الوجود،" سب کچھ خود ہے۔ اُس سے پہلے کچھ بھی موجود نہیں تھا، وہی تمام موجودات تھا جو کبھی تھیں، خود وجود رکھنے والا تھا ! ایل، اله، ایلوہیم، جسکا مطلب ہے "سب کچھ، ساری طاقت، قادرِ مطلق، اور خود وجود رکھنے والا۔" اوہ !

100 لیکن جب آپ پیدائش 2 میں دیکھتے ہیں، اُس نے انسان کو بنایا، تو اُس

نے کہا، "میں ہوں،" وائی-اے-ایچ-یو-، جے-یو-وی-یو-ایچ، یاوے، "یہوواہ۔" اسکا کیا مطلب ہے؟ "میں ہی کُلی وجود رکھنے والا ہوں جس نے اپنے آپ میں سے کچھ پیدا کیا ہے، تاکہ وہ میرا ایک بیٹا ہو، یا ایک عارضی ہو، یا ایک اختیاری ہو، یا میرا کوئی اصغر ہو۔" جلال ہو! کیوں؟ اُس نے ایک آدمی دیا...یہوواہ کا مطلب ہے "اُس نے ایک آدمی دیا جو ایک صغیر خُدا تھا۔" کیونکہ وہ خُدا باپ ہے، اور اُس نے ایک آدمی بنایا یعنی ایک صغیر خُدا، اسلئے اب وہ مزید واجب الوجود نہ رہا، بلکہ وہ اپنے خاندان میں موجود ہے۔ الہ، الہ، ایلوہیم تھا۔ اب، دیکھیں وہ یہوواہ ہے۔ یہوواہ کا، مطلب ہے، وہ " جو اپنے خاندان کے ساتھ موجود ہے۔" اب، خُدا نے انسان کو زمین پر راج کرنے کیلئے بنایا تھا، اُسکے پاس بادشاہی تھی۔ اور زمین انسان کی جاگیر تھی۔ کیا یہ کلام ہے؟ پھر اگر یہ اُسکی جاگیر تھی، تو وہ زمین کا چھوٹا خُدا تھا۔ جیسے وہ بولتا، ویسے ہی ہونا تھا۔ وہ جو بولتا، وہی وجود میں آجانا تھا۔ اوہ! وہ، یہوواہ، خُدا یہاں موجود ہے، وہ ہستی جو ایک وقت میں واحد وجود رکھنی والی ہستی تھی، لیکن اب اپنے خاندان کے ساتھ موجود ہے، اور اُسکے بچے اُسکے ساتھ موجود ہیں۔ آپ یہاں ہیں۔

101 اب، اسے پڑھتے ہیں۔ ہم بدھ کی رات کو اسے دیکھیں گے، تب ہمارے پاس زیادہ وقت ہوگا۔ اب ہمارے پاس، تقریباً پندرہ منٹ کا وقت

اور ہے اور ہم...میرا خیال تھا کہ کسی خاص مقام تک لے آؤں، لیکن ہم وہاں نہیں پہنچ پائیں گے، جہاں ہم پاک رُوح کے وعدے سے مہر بند کیے گئے ہیں۔ ٹھیک ہے۔

102 اب، ہمیں خُدا کے خادم بننے کے لیے کب بلایا گیا تھا؟ اور من نیول کو خُدا کا خادم بننے کے لیے کب بلایا گیا تھا؟ اوہ، میرے خُدایا ! یہ بات مجھے ہلادیتی ہے۔ میں آپکو بتاؤنگا، آئیں کچھ حوالے دیکھتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں پہلا پطرس 20:1 نکالیں۔ اور،پیٹ، مکاشفہ 8:17 نکالے۔ اور میں مکاشفہ 13 نکالوں گا۔ اب ہم یہاں سننا چاہتے ہیں، آپ جاننا چاہتے ہیں کہ خُدا نے آپ کو مسیحی بننے کے لیے کب بلایا تھا۔ اوہ، میں اس سے پیار کرتا ہوں۔ یہ ہے، "آدمی صرف روٹی سے زندہ نہ رہیگا، بلکہ ہر اُس بات سے جو خُدا کے مُنہ سے نکلتی ہے۔" ٹھیک ہے، بھائی نیول، آپ نے پہلا پطرس 20:1 نکال لیا ہے۔ [بھائی نیول کہتے ہیں، "20:1۔"-ایڈیٹر۔] ٹھیک ہے، 19:1 اور 20:1 کو پڑھتے ہیں۔ جی ہاں۔ ["19:1 اور 20 ہے۔"] اسے سنیں۔

[بلکہ ایک بے عَیب اور بے داغ برّے، یعنی مسِیح کے بیش قِیمت خون سے:]

[اُسکا علم تو بِنایِ عالم سے پیشتر سے تھا، مگر ظہور اخیر زمانہ میں تمہاری خاطِر ہوا۔]

103 دیکھیں وہ کب ٹھہرایا گیا؟ بِنایِ عالم سے پیشتر۔ بھائی پیَٹ، میرے لیے مکاشفہ 8:17 پڑھیں۔

[یہ جو تُو نے حَیوان دیکھا، یہ پہلے تو تھا؛ مگر اَب نہیں ہے اور آیندہ اتھاہ گڑھے سے نِکل کر، ہلاکت میں پڑے گا: اور زمِین کے رہنے والے، جن کے نام بنائے عالم کے وقت سے کتابِ حیات میں لکھے نہیں گئے، اِس حَیوان کا یہ حال دیکھ کر کہ پہلے تھا، اور اَب نہِیں، اور پھِر مَوجود ہو جائے گا تعّجب کریں گے۔]

104 کون دھوکا کھانے والا ہے؟ کون اس مذہبی شخص کے ہاتھوں دھوکا کھانے والا ہے جیسے ساؤل تھا؟ وہ اتنا ہوشیار اور اتنا اچھا تھا جب تک اُس نے دھوکا نہیں دیا تھا؟ ہر ای-...[جماعت کہتی ہے، "برگزیدہ۔"-ایڈیٹر-] اگر...["ممکن ہوا۔"] اگر ممکن ہوا۔ ٹھیک ہے، مکاشفہ 8:13، میں یہ آپکے لیے پڑھتا ہوں:

اور زمِین کے وہ سب رہنے والے...زمِین کے وہ سب رہنے والے جِن کے نام اُس برّہ کی کِتابِ حیات میں لِکھے نہیں گئے، جو بنایِ عالم کے وقت سے ذِبح ہوا ہے اُس حَیوان کی پرستِش کریں گے۔

105 کب ہمارے نام برّہ کی کتاب ِحیات میں لکھے گئے تھے؟ جب برّہ بنایِ عالم سے پیشتر ذبح کیا گیا تھا۔ جب خُدا یہوواہ تھا، ایل، الہ، ایلوہیم، واحد وجود رکھنے والا تھا۔ بالکل ایک بڑے ہیرے کی طرح، وہ کچھ اور نہیں ہو سکتا تھا، اور اُس ہیرے کے اندر اُسکی بچانے والی خصوصیات تھیں۔ اُسکی خصوصیات کے اندر، ایک خاصیت، شفا دینے کی تھی۔ دیکھیں، وہاں شفا پانے والا اور نجات پانے والا کوئی نہیں تھا، لیکن اُسکی خصوصیات نے اُسے پیدا کیا۔ پس، دُنیا کی بنیاد رکھنے سے پہلے، وہ جانتا تھا، کہ اُسکا عظیم ظہور یہاں ہوگا، اور وہ نجات دہندہ ہوگا، اور وہ آئیگا اور ہمارے درمیان مجسم ہوگا اور ہمارے درمیان رہے گا، اور وہ جانتا تھا اُسکے مار کھانے سے ہم شفا پائیں گے، دُنیا کی بنیاد رکھنے سے پہلے اُس نے برّے کو اپنی کتاب میں ذبح کیا تھا، اور آپکے نام بنایِ عالم سے پیشتر اُس کتاب میں لکھے تھے۔ اوہ!

106 اِسکو غور سے سُنیں! پہلے سے ٹھہرائے جانے کا تعلق علمِ سابق سے ہے، میرا مطلب چُناؤ ہے۔ چُناؤ علمِ سابق کی طرف پیچھے دیکھتا ہے، اور پہلے سے مقرر کیا جانا منزل کو دیکھتا ہے۔ اسے مت بھولیں، کہ چُناؤ یہاں پیچھے دیکھتا ہے، یہ بات ہے، "میں ایک کانٹے دار پودا تھا۔ میں گناہ میں پیدا ہوا، اور بدی میں صورت پکڑی، دُنیا میں جھوٹ بولتا ہوا آیا، اور گنہگاروں میں جنم لیا۔ میری ماں میرا باپ اور میرا سارا خاندان، گنہگار تھا۔ میں ایک

کانٹے دار جھاڑی تھا۔ لیکن، آنکھ جھپکتے ہی، میں گیہوں کا دانہ بن گیا۔ یہ کیسے ہوا؟" اور، یہ کیا ہے؟ چُناؤ۔ خُدا نے، دنیا کی بنیاد رکھنے سے پہلے یہ فیصلہ کیا تھا، کہ کانٹے دار پودا گندم کا دانہ بن جائے۔ "اب میں جانتا ہوں میں گیہوں کا دانہ ہوں، کیونکہ مجھے بچا لیا گیا ہے۔ میرے ساتھ یہ کیسے ہوا؟" میں نے پیچھے دیکھا اور جانا، کہ اُس نے مجھے اسکے لیے بہت پہلے سے مقرر کیا ہوا تھا۔ اُس نے اپنے علمِ سابق کے مطابق دیکھا کہ میں اُس سے پیار کرونگا، اسلئے اُس نے اپنے بیٹے کا کفارہ تیار کیا، تاکہ اُسکے وسیلے میں کانٹے دار پودے سے ایک گیہوں کا دانہ بن جاؤں۔ "اب، میں کہاں پر ہوں؟" میں بچ گیا ہوں، اور میں خُدا کے فضل میں چل رہا ہوں۔ "پہلے سے مقرر کیا جانا کیسا لگا رہا ہے؟" منزل کی طرف۔ "وہ مجھے کہاں لیکر جائیگا، اور میں کہاں جارہا ہوں؟" آمین۔ اُس نے آپکو پکڑ لیا ہے۔ آپ یہاں ہیں۔

107 اب ہم تھوڑا سا اور پڑھیں گے، اور پھر ہم اسے جلدی ختم کردینگے۔

> چنانچہ اُس نے... ہم کو بنایِ عالم سے پیشتر اُس میں چُن لیا، تاکہ ہم اُسکے نزدِیک... محبّت میں پاک اور بے عَیب ہوں:

> اور اُس نے اپنی مرضی کے نیک اِرادہ کے موافِق، ہمیں اپنے لِئے پیشتر سے مقرر کِیا کہ یسُوع مسِیح کے وسِیلہ سے، اُسکی مرضی کی خوشنودی کے مطابق،

108 اُس نے کیا کیا؟ اُس نے، علمِ سابق کے وسیلے، ہمیں پہلے سے دیکھا، یہ جانتے ہوئے کہ وہ نجات دہندہ ہے، اور واجب الوجود ہے۔ جب کوئی فرشتہ نہیں تھا، کچھ بھی نہیں تھا؛ صرف خُدا، الہ، ایلوہیم، واحد وجود رکھنے والا تھا، کوئی نہیں فقط وہ اکیلا تھا۔ لیکن اُس میں ایک نجات دہندہ تھا۔ اچھا، تو پھر وہ کیا بچانے جارہا تھا، جبکہ کچھ بھی نہیں کھویا تھا؟ یہ جانتے ہوئے، اُسے معلوم تھا کہ اُس میں موجود یہ عظیم صفت کہیں دُور کوئی ایسی چیز ظاہر کرے گی جسے وہ بچا سکے گا۔ پھر جب اُس نے یہ منصوبہ بنایا، تو اُس نے اپنے علمِ سابق کے وسیلے نیچے دیکھا، اور یہ دیکھا کہ کون کون اُسے قبول کریگا۔ اور پھر یہ کرنے کے وسیلے، اُس نے کہا، "مجھے اسے بچانا ہے، اور بچانے کا صرف ایک ہی طریقہ ہوسکتا ہے، میں خود نیچے جاؤنگا اور انسان بنونگا اور انسان کے گناہ اپنے اُوپر لے لونگا، اور اُسکے لیے اپنی جان دونگا، تاکہ میں وہ بن سکوں جسکی عبادت کی جائے،" کیونکہ خُدا وہ ہے، جسکی عبادت کی جائے۔

109 پھر وہ نیچے اُترا اور اپنے اُوپر اسے پہن لیا۔ اور جب اُس نے یہ کیا، تو اُس نے یہ اسلیے کیا تاکہ آپکو بچائے جو بچنا چاہتے تھے۔ کیا آپ سمجھ گئے ہیں میرا کیا مطلب ہے؟ علمِ سابق کے وسیلے، لامحدود خُدا ہونے کے وسیلے، وہ ساری باتیں جانتا تھا، اُس نے برّہ دیکھا، اور دُنیا کی بنیاد رکھنے سے پہلے برّہ ذبح کیا، اور اُس نے آپکا نام برّہ کی کتاب حیات میں لکھ دیا۔ اور اُس نے شیطان

کی دھوکے بازی کو دیکھا، کہ وہ کیا کریگا۔ اسلیئے اُس نے آپکا نام وہاں لکھ دیا تھا۔ اور اُس نے کہا مخالفِ مسیح بہت مذہبی ہوگا، بہت اچھا، بہت مہذب انسان، بہت زیادہ سمجھدار، اور بہت زیادہ مذہبی ہوگا، اور اگر ممکن ہوتا تو وہ برگزیدوں کو بھی گمراہ کرلیتا۔ لیکن یہ ممکن نہیں ہوسکتا، کیونکہ اُنکے نام بنایِ عالم سے پہلے مقرر کردیئے گئے ہیں۔ اور چُناؤ کے وسیلے اُس نے اُنہیں چُنا ہے، اور پہلے سے مقرر ہونے کی وجہ سے وہ جانتے ہیں وہ کہاں جارہے ہیں۔ آپ یہاں ہیں۔

110 اب، کون اس پر شک کرسکتا ہے؟ یہ پولُس نے کہا ہے۔ یہ پولُس کا حوالہ ہے۔ یہ پولُس کی لکھی ہوئی بات ہے۔ یہی کچھ اُس نے اپنے چرچ کو سکھایا تھا۔ دُنیا کی بنیاد رکھنے سے پہلے، یہ چرچ کا، مقام تھا۔ جب خُدا، اپنے دردِ زہ میں، آپکو پیدا کر رہا تھا، تو وہ آپکو جانتا تھا کہ آپ کیا کریں گے، اُس نے آپکو اپنے بدن میں بالکل ٹھیک مقام پر رکھا ہوا ہے، ایک گھریلو خاتون بننے کیلئے، کسان بننے کیلئے، مناد بننے کیلئے، نبی بننے کیلئے، یہ بننے کیلئے یا وہ بننے کیلئے رکھا ہوا ہے۔ وہ آپکو ٹھیک مقام پر رکھتا ہے۔ پھر جب ہم تقدیس کے وسیلے، مصر کے لہسن والے دیس سے باہر نکل آئے ہیں، اور موعودہ دیس میں بپتسمہ لیا ہے...کیونکہ، پاک رُوح خُدا کا وعدہ ہے۔ افسیوں 30:4 میں لکھا ہے، "اور خُدا کے پاک رُوح کو رنجیدہ نہ کرو جس سے تم پر مخلصی کے دِن کے لِئے مہر

ہوئی ہے۔" تب خُدا نے، چرچ کو پہلے سے مقرر کردیا تھا، اُس نے کہا ہے، "اورسارے لوگوں میں لاکھوں کروڑوں لوگ ہونگے، جو کٹر مذہبی ہونگے اور دھوکا کھائیں گے۔" وہ واحد لوگ ہیں جو دھوکہ نہیں کھائیں گے اور وہ وہ ہیں جو وعدہ شدہ سرزمین میں داخل ہوچکے ہیں، اوروہ وہ ہیں جنکے نام برّہ کی کتاب ِحیات میں بنایِ عالم سےپیشتر لکھے گئے ہیں، اور جو موعودہ دیس میں آچکے ہیں، اور شادمانی کررہے ہیں۔

111 بہت سارے لوگ خوفزدہ ہیں کہ آپ کوئی عجیب کام کرنے جارہے ہیں۔ بہت سارے لوگ ڈرتے ہیں کہ پاک رُوح کوئی ایسا عمل کروائیگا کہ آپ- آپ کو لوگوں کے سامنے شرمندہ ہونا پڑیگا۔ بہت سے لوگ ڈرتے ہیں کہ وہ روئیں گے، اور اُن کاپیارا اُنہیں روتے ہوئے دیکھے گا، یا ماما، یا پڑوسی، یا اُنکا بوس اُنکو اس حالت میں دیکھ لے گا۔

112 ختم کرنے سے پہلے، میں آپکو ایک آدمی کے بارے میں بتاتا ہوں۔ ایک آدمی تھا جس کا نام داؤد تھا، اور جب خُدا کا صندوق فلستیوں کی سرزمین میں تھا، اور وہ وہاں سے گزر رہا تھا، پُرانی بیل گاڑی پر، اُس صندوق کو کھینچا جارہا تھا، جب داؤد نے اُس صندوق کو آتے ہوئے دیکھا، اُس وقت اُس نے ایک چھوٹا چوغہ پہنا ہوا تھا، وہ وہاں بھاگتا ہوا گیا، اور اُس نے اپنے پاؤں ہوا میں اُچھالے، اور چاروں طرف کودا، اور چلایا اور کودا، اور ناچا اور کودا

اور ناچا۔ اور، وہ، اسرائیل کا بادشاہ تھا ! اور اُسکی بیوی نے اُسے کھڑکی سے دیکھا کہ وہ عجیب حرکتیں کررہا ہے، تو اُس نے اُسے حقیر جانا۔ اور، اُس نے ضرور کہا ہوگا، "پاگل ہے ! ذرا باہر نکل کر اُسے دیکھو، کیسی حرکتیں کررہا ہے، اپنے پاؤں ہوا میں اُچھال رہا ہے، اور چاروں طرف کود رہا ہے اور عجیب حرکتیں کررہا ہے۔ لگتا ہے، وہ پاگل ہوگیا ہے !" اور اُس رات جب وہ گھر آیا، تو بیوی نے کہا، ہوسکتا ہے یہ الفاظ استعمال کیے ہوں، "دیکھ، تُو نے مجھے شرمندہ کر دیا ہے۔ دیکھ، تُو، بادشاہ ہے، میرا شوہر ہے، اور باہر اسطرح کررہا تھا، عجیب حرکتیں کررہا تھا !"

113 داؤد نے کہا، "کل میں اس سے اچھا کرونگا۔ جی ہاں، جناب !" اُس نے کہا، "کیا تُو نہیں جانتی میں خُداوند کیلئے ناچ رہا تھا؟" وہ سرحد پار کرچکا تھا ! وہ موعودہ دیس میں جاچکا تھا۔ وہ اپنے آپ سے اور دُنیا کی گندگی سے دُور جاچکا تھا۔ وہ یہ جان کر بڑا خوش تھا کہ صندوق اُسکے شہر میں آرہا ہے۔

114 اور، اوہ، میں تمہیں بتاتا ہوں، بعض لوگ رُوحُ القُدس کو قبول کرنے سے ڈرتے ہیں، خوفزدہ ہیں کہ کہیں وہ زبانوں میں بول نہ پڑیں۔ وہ ڈرتے ہیں کہ کوئی کیا کہے گا، "اب، یہ بھی زبانیں بولنے والوں میں سے ایک ہے۔" وہ چرچ میں آنے اور یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لینے سے ڈرتے ہیں، کیونکہ اُنہیں اس سے شرم آتی ہے۔ آہ ! اوہ !

115 کسی نے کہا مجھے اپنی ٹیپیں واپس لینی پڑیں گی، کیونکہ میں نے یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ کی منادی کی ہے۔ مجھے وہ یاد نہیں ہیں۔ لیکن میں اور بنارہا ہوں! یہ سچ ہے، میں، اور بنارہا ہوں! یہ بائبل ہے۔ اگر انکو ہمارا کل کا کام پسند نہیں، تو یاد رکھیں آنے والے کل میں ہم اور زیادہ کام کرنے جارہے ہیں! دیکھیں، کرنے کیلئے یہی کام ہے، بس آگے بڑھتے جائیں۔ اسکا کوئی اختتام نہیں ہے، کیونکہ یہ خُداوند کا کام ہے۔ یہ خُدا ہے۔

116 کیا آپ جانتے ہیں خُدا نے کیا کیا؟ خُدا نے آسمان سے نیچے دیکھا، اور اُس نے کہا، "داؤد، تُو وہ شخص ہے جو میرے دل کے مطابق ہے۔" داؤد شرمایا نہیں تھا۔ کیونکہ وہ خُدا کا ایک خادم تھا۔ وہ خُدا سے پیار کرتا تھا۔ اور وہ اتنا خوش ہوا، کہ اُسکا پیالہ خوشی سے لبریز ہوگیا، اور اُس نے انسانی وقار کی پروا نہ کی۔

117 آپ دیکھیں، جیسے میں نے آج صُبح اپنے پیغام میں کہا تھا، ہم اتنے ڈرے ہوئے ہیں، کہ، ہم چاہتے ہیں کہ ساؤل ہمیں سکھائے، ہم کسی سیمینری سے کوئی ساؤل چاہتے ہیں جو ہمیں ہمارے دین کے بارے میں سکھائے اور بتائے کہ ہمیں کیا کرنا ہے۔ وہ یردن کی دوسری طرف ہے۔ اس طرف، پاک رُوح رہنمائی کرتا ہے۔ اور یہاں آپ اُس گندگی سے باہر ہیں۔ یہاں آپ فکر نہیں کرتے ہیں کہ وہ کیا سوچتے ہیں۔ یہاں آپ مُردہ ہیں، اور آپکی زندگی مسیح

میں پوشیدہ ہے...اور پاک رُوح کے وسیلے مُہربند ہے۔ آپ بے فکر ہیں۔ آپ کنعان میں رہ رہے ہیں۔ آپ اچھا بیج اگا سکتے ہیں۔ آپ مسیح یسُوع میں نئی مخلوق ہیں۔ آپ موعودہ دیس سے جڑے ہوئے ہیں۔

118 مجھے یاد ہے، تقریباً تیس سال پہلے، بھائی کولنز، وہاں کھڑے تھے، جب یہ چرچ ابھی بنا نہیں تھا۔ یہ ایک چھوٹی سی ٹینٹ میٹنگ تھی جو یہاں کونے میں ہو رہی تھی، میری پہلی میٹنگ تھی۔ میں اسی انجیل کی تبلیغ کر رہا تھا، مسیح کی ناقابلِ تلاش دولت پر، بات کررہا تھا: یسُوع مسیح کے نام میں پانی کا بپتسمہ، کلام کی ہر بات کا یقین کرنا کہ وہ سچ ہے، پاک رُوح کا بپتسمہ، الٰہی شفا، اور خُدا کی قوت پر بات کررہا تھا، جیسے میں اب منادی کرتا ہوں، اور اس میں ایک انچ بھی ادھر اُدھر نہیں ہوا۔ خُدا نے یہ ساری باتیں مجھ پر ظاہر کیں، اور، جیسے مجھ پر ظاہر ہوتی گئیں، میں انہیں آگے لاتا گیا۔ اُس نے کبھی بھی اس میں سے کچھ نہیں نکالا، بلکہ وہ اس میں مزید اور اضافہ کرتا گیا۔

119 میں وہاں کھڑا ہوا تھا جب تقریباً پانچ سو لوگ وہاں کنارے پر کھڑے ہوئے تھے، گیت گا رہے تھے، "میں یردن کے طوفانی کنارے پر کھڑا ہوں، اور متمنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں، کنعان کے حسین اور خوشنما دیس کو دیکھ رہا ہوں، جہاں میرا مال پڑا ہے۔ میں کب پرسکون کنارے پر پہنچونگا اور ہمیشہ کیلئے مبارک بن جاؤنگا، میں کب اپنے باپ کے پاس پہنچونگا...اور سدا کا آرام

پاؤنگا؟" جب اُنہوں نے یہ گیت شروع کیا، تو میں ایک لڑکے کو دریا میں لے جا رہا تھا تاکہ اُسے خُداوند یسُوع کے نام میں بپتسمہ دوں۔ میں نے کہا، "آسمانی باپ، میں اس لڑکے کے اقرار کے مطابق اسے تیرے پاس لاتا ہوں..." میں خود بھی، ایک لڑکا ہی تھا، اسکی تصویریں گھر میں موجود ہیں۔ میں نے کہا، "خُداوند، میں اسکے اقرار پر، اسے پانی کا بپتسمہ، خُدا کے بیٹے یسُوع مسیح کے نام میں دیتا ہوں، اور تُو اسے پاک رُوح سے بھر دینا۔" اور تقریباً اُسی وقت ایک بگولہ آیا، اور وہاں نیچے آکر ٹھہر گیا، اور وہ صُبح کا چمکتا ہوا ستارہ وہاں آکر رُک گیا۔ یہ وہی روشنی تھی جو آپ یہاں تصویر میں دیکھتے ہیں۔ یہ وہاں کھڑی ہوئی تھی۔

120 یہ بات کینیڈا اور باقی جگہوں میں، بلکہ پوری دُنیا میں پھیل گئی۔ اُنہوں نے کہا، "ایک پراسرار روشنی ایک مقامی بپٹسٹ خادم کے اوپر نمودار ہوئی جب وہ بپتسمہ دے رہا تھا۔"

121 اور کچھ دن پہلے، ڈاکٹر لمزا میرے پاس آئے، اور مجھے اس بارے میں کچھ بھی معلوم نہیں تھا، اور میرے پاس ایک تصویر لائے، اب وہ کس بھائی کے پاس ہے۔ کیا آپکے پاس وہ تصویر ہے؟ کیا آپکے پاس بائبل ہے، اُس میں آپ نے رکھی تھی، یا یہ آپکی کتاب میں ہے؟ ٹھیک ہے۔ خُدا کے عبرانی نشان کی ایک پُرانی قدیم تصویر وہاں موجود تھی، ٹھیک اُسی طرح کی-

کی جو بائبل لکھنے سے پہلے، ایوب کے دنوں میں موجود تھی۔ خُدا اپنی تین خصوصیات میں ہے، تین خُدا نہیں ہیں۔ ایک خُدا کی تین خصوصیات ہیں: باپ، بیٹا، اور پاک رُوح، خُدا کے کام کرنے کے تین دفاتر ہیں۔ تین خُدا نہیں، تین خصوصیات ہیں! اور یہ وہاں تھا۔ جب اُس عظیم آدمی، ڈاکٹر لمزا نے، دیکھیں جنہوں نے لمزا بائبل کا ترجمہ کیا ہے، جب اُس نے اُس صُبح کہا...بلکہ میں نے اُس سے پوچھا، اور کہا-کہا، "وہ نشان کیا ہے؟"

122 اُس نے کہا، "عبرانی میں، یہ خُدا کا قدیم نشان ہے۔ خُدا، بلکہ ایک خُدا کی تین خصوصیات ہیں۔"

میں نے کہا، "کیا جیسے باپ، بیٹا، اور رُوحُ القُدس ہے؟"

123 وہ رُک گیا، اور اُس نے اپنا کوفی کا کپ نیچے رکھا، اور وہ میری طرف دیکھنے لگا۔ جین، لیو میرا خیال ہے، آپ بھی وہاں تھے۔ کہا، "کیا آپ اس پر ایمان رکھتے ہیں؟"

میں نے کہا، "اپنے پورے دل سے۔"

124 اُس نے کہا، "گزشتہ رات، میں آپکی میٹنگ میں موجود تھا، بھائی برینہم، اور میں نے دلوں کے بھیدوں کو ظاہر ہوتے دیکھا تھا۔ میں نے اپنے دیس، امریکہ میں پہلے کبھی ایسا نہیں دیکھا۔" اُس نے کہا، "یہ امریکی لوگ بائبل

کو نہیں جانتے ہیں۔ یہ صرف اپنی تنظیم کے بارے میں جانتے ہیں۔ یہ نہیں جانتے ہیں یہ کہاں کھڑے ہوئے ہیں۔" کہا، "یہ کچھ بھی نہیں جانتے ہیں۔" اُس نے کہا، "لیکن جب میں کل رات وہاں کھڑا تھا،" کہا، "میں نے کہا..." اب، بھائی جین، میں یہ احترام عزت اور محبت کیساتھ کہہ رہا ہوں۔ اُس نے کہا، "میں نے کہا، 'یہ ضرور کوئی نبی ہوگا۔' لیکن جب میں دیکھتا ہوں کہ آپ ایمان رکھتے ہیں کہ باپ، بیٹا اور پاک رُوح تین خُدا نہیں ہیں، بلکہ خصوصیات ہیں، تو میں جان گیا ہوں آپ خُدا کے نبی ہیں، ورنہ آپ پر یہ بات اسطرح ظاہر نہ ہوتی۔" اُس نے کہا، "یہ کامل نشان ہے۔" کہا، "میں نے کبھی بھی..." کہا، "کیا آپ وحدانیت والے نہیں ہیں؟"

125 میں نے کہا، "نہیں، جناب۔ میں وحدانیت والا نہیں ہوں۔ میں خُدا کو قادرِ مطلق خُدا مانتا ہوں، اور تین خصوصیات اُسکے تین دفاتر ہیں جن میں ایک خُدا رہتا ہے۔"

126 اُس نے کہا، "خُدا آپ کو برکت دے!" اُس نے کہا، "کسی دن آپ اپنا لہو اس بات کیلئے زمین پر بہا دینگے، اور،" کہا، "نبی ہمیشہ اپنے مقصد کے لئے مرتے ہیں۔"

127 اور میں نے کہا، "اگر میرے خُداوند کی، یہ مرضی ہے، تو ایسا ہی ہو۔"

لمزا بائبل کا ترجمہ۔

128 اوہ، یہ بالکل سچ ہے۔ کتنی بار، میں نے چرچ کو کہا ہے، جیسے سموئیل نے کہا تھا اس سے پہلے وہ ساؤل کو چنتے، "اس سے پہلے اب آپ باہر جائیں اور کسی تنظیم کو چُن لیں، اور اپنے آپکو اُس قسم کے مذہب سے جوڑ لیں، آپ کیوں نہیں پاک رُوح کو اپنی رہنمائی کرنے دیتے؟" کیوں آپ خُدا کو اپنا لیڈر نہیں بناتے اور اُس سے برکت نہیں لیتے، اور اپنی تنظیم کو بھول نہیں جاتے؟ اب، میں یہ نہیں کہہ رہا کہ آپ کسی تنظیمی چرچ سے رابطہ ہی نہ رکھیں، آپ جس سے چاہیں اُس سے تعلق رکھ سکتے ہیں۔ یہ آپ پر مُنحصر ہے۔ لیکن میں آپکو ذاتی طور پر، بتا رہا ہوں، اپنی رہنمائی پاک رُوح کو کرنے دیں۔ آپ بائبل پڑھیں۔ اور جو کچھ بائبل کرنے کیلئے کہے، آپ وہ کریں۔ خُدا آپکو برکت دے۔

129 اور اب میں نے آپکو کافی انتظار کروایا ہے۔ میرا خیال ہے یہاں کوئی ہے جو دُعائیہ قطار میں آکر دُعا کروانا چاہتا ہے۔ اگر یہاں لوگ ہیں، تو اپنے ہاتھ اُٹھائیں۔ بس ایک، دو، تین۔ ٹھیک ہے۔ آپ سب یہاں آجائیں اور اگر آپ چاہیں تو، اس وقت یہاں کھڑے ہو سکتے ہیں، اور-اور ہم دُعا کرینگے۔ اور پھر ہم...میں نہیں چاہتا آپکو ابھی برخاست کیا جائے۔ میں خاص طور پر یہاں کچھ کرنا چاہتا ہوں اس سے پہلے کہ ہم-ہم اختتام کریں۔

130 اب کتنے گلتیوں کی کتاب کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں...اوہ، میرا مطلب ہے

افسیوں؟ اب، بدھ کی رات، ہم مُہر کے بارے میں دیکھیں گے۔ اور پھر اگلے اتوار کی صبح ہم چرچ کو، اُسکی مناسب جگہ پر رکھنے کے عمل کو دیکھیں گے۔ اوہ، اگر...آپ لوگ جو یہاں جیف میں ہیں، غالباً آنے والے بدھ کی رات کو، ہم اسے دیکھیں گے۔ چرچ میں سے ہر ایک کو، اُسکی مقررہ جگہ پر ہونا چاہیے۔ ہم کیسے لے پالک پن کیلئے بلائے گئے ہیں۔ خُدا نے ہمیں لے پالک بیٹے ہونے کیلئے بلایا ہے، ہم پیدائش کے وسیلے بیٹے ہیں۔ پاک رُوح کے وسیلے ہمیں گود لیا گیا ہے اور مقام دیا گیا ہے۔ دیکھیں! وہ سب عبرانی تھے، جب اُنہوں نے دریا پار کیا تھا، لیکن یشوع نے زمین کو تقسیم کیا اور ہر ایک کو اُس کی پیدائش کے وقت جو الفاظ اُسکی ماں نے کہے تھے اُسکے مطابق زمین تقسیم کی، جہاں پاک رُوح نے اُسے بتایا تھا۔

131 یعقوب کو دیکھیں، جب وہ مر رہا تھا، تو وہ ایک نابینا نبی تھا، اپنے بستر پر اپنے پاؤں کو سمیٹا، کہا، "اے یعقوب کے بیٹوں تم سب میرے پاس آؤ اور میں تمہیں بتاؤنگا کہ تمہارے آخری دن کہاں گزریں گے۔" جلال ہو! اوہ، میں جانتا ہوں کہ میں عجیب نظر آسکتا ہوں۔ لوگ عجیب نظر آسکتے ہیں۔ لیکن، اوہ، کاش تم صرف جان پاتے کہ یہ-یہ کیسی تسلی ہے، اور دل میں-میں کیسی آگ جل رہی ہے! "یہاں آؤ، اور میں تمہیں بتاؤنگا تم آخری دنوں میں کہاں ہوگے۔" اور میں وہی مُقدس صحیفہ لے سکتا ہوں، اور یہ بھی لے

سکتا ہوں کہ آج یہودی کہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور آپکو ثابت کر سکتا ہوں کہ وہ آج اُسی جگہ ہیں جہاں یعقوب نے کہا تھا کہ وہ آخری دنوں میں ہونگے۔ اور وہ اس مقام پر، کبھی نہیں آئے تھے، جب تک اُنکی زندگی میں، سات مئی، 1946 نہیں آیا تھا، اُس رات وہاں خُداوند کا فرشتہ مجھ پر ظاہر ہوا اور مجھے اس مشن کے بارے میں بتایا۔ اور میں آپکو یہ دکھا سکتا ہوں، جب وہ نئے دیس میں واپس آئے، تو وہ ٹھیک وہیں گئے جہاں یعقوب نے کہا تھا کہ وہ جائیں گے۔ اور آج وہ ٹھیک اُس مقام پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اوہ، اوہ، میرے خُدایا، اوہ، میرے، خُدایا ! ہم اپنے گھر کے، ایک دن اور قریب آگئے ہیں۔

132 آپ عزیز لوگ ہیں، آپ بیمار لوگ ہیں، ورنہ آپ یہاں صرف کھڑے ہونے کے لئے نہ آتے۔ میں آپ کا بھائی ہوں۔ مجھے خُدا نے بیماروں کے لیے دعا کرنے کا حکم دیا ہے۔ یہ میں نہیں...کیا میرے پاس شفا کی قوت ہے، میرے پاس نہیں ہے۔ لیکن میرے پاس دُعا کرنے کی قوت ہے۔ جیسا کہ میں نے آج صُبح کہا تھا، داؤد کے پاس ایک چھوٹی سے فلاخن کے علاوہ کچھ نہیں تھا، لیکن اُس نے کہا، "میں جانتا ہوں خُدا کی قوت کے ساتھ یہ کیا کریگی۔" سمجھے؟ میرے پاس آپ کیلئے بس چھوٹی سی دُعا ہے، تاکہ میں اپنے ہاتھ آپ پر رکھوں، لیکن میں جانتا ہوں خُدا پر ایمان کیا کریگا۔ دوسروں کیلئے یہ ہوا ہے، آپ کیلئے بھی یہ ہوگا۔ آپکا ایمان ہے اس لیے اب آپ نے قدم

آگے بڑھایا ہے، تاکہ اُس مقام کے اور قریب ہو جائیں۔

133 اب، میں سوچتا ہوں، کہ اسے اتنا بااثر بنایا جائے، اب میں بھائی سے یہ نہیں کہونگا کہ یہاں اُوپر آئے اور انکو تیل سے مسح کرے۔ بھائی نیول، کیا آپ کرینگے؟ میں چرچ سے پوچھنا چاہونگا، کیا آپ اپنے سر دُعا کیلئے جھکائیں گے۔

134 اب یاد رکھیں، گزرے ہفتے میں پُرانے کیسٹر آئل کی وجہ سے بہت بیمار تھا، اگر کوئی شخص میرے پاس آتا اور مجھ پر ہاتھ رکھتا تو میں کچھ بھی کرنے کیلئے تیار تھا۔ اگر کوئی شخص میرے پاس آتا، اور خُدا کی برکت دیتا اور مدد کرتا، تو میں اُسے بہت زیادہ سراہتا۔ اب آپ سب بھی ایسا ہی محسوس کررہے ہیں جیسا میں نے تب کیا تھا۔ اب آپ محسوس کررہے ہیں اور مجھ سے وہی چاہتے ہیں جیسا میں نے چاہا تھا کہ کوئی میرے ساتھ کرے۔ خُدا نہ کرے کہ میں اپنے کام میں سستی کروں۔ مجھے یہ کام ہمیشہ کرنے دیں، چاہے میں تھکا ہوا ہوں، چاہے میں کمزور ہوں، چاہے میرا ایک پاؤں دوسرے کے ساتھ مشکل سے چل سکتا ہو، مجھے جانے دیں، کیونکہ میں آپ میں سے ہر ایک کو، اُس دوسرے دیس میں دوبادہ ملنے جا رہا ہوں۔

135 پھر آپ بوڑھی خواتین، بوڑھے آدمی، ٹوٹے ہوئے لوگ، بال سفید ہو کر جھڑ رہے ہیں، اور ایک گلاب کی طرح ٹکڑوں میں بٹ رہے ہیں جو اپنی چھوٹی

کلی کھول دیتا ہے، جیسے پنکھڑیاں ٹوٹ کر گر رہی ہوتی ہیں، آپ بھی ٹوٹنے جارہے ہیں، کیا آپ نہیں جارہے؟ یہ سچ ہے۔ بس...اور واحد چیز جس کے لیے آپ اکٹھے رہنا چاہتے ہیں وہ ہے خُدا کے جلال کے لیے چمکنا۔ پس جب دشمن نے آپ کو پکڑ لیا ہے اور اب بھاگ رہا ہے، تو میں خُدا کے فلاخن کے ساتھ، اور ایمان کے ساتھ، اور خُدا نے جو نعمت مجھے دی ہے اُسکے ساتھ آرہا ہوں۔ جو کچھ میں نے یہاں کہا ہے، پس آپ اُسے سمجھ جائینگے۔ میں نے کہا تھا، "اگر پطرس اندر آجائے، یا اُن میں سے کوئی اور۔" تو یہ مت کہیں۔ آپ میرے لیے دُعا نہ کریں۔ بس اگر کوئی اندر اسطرح آجائے، اور کہے، جیسے کوئی خاتون، کہتی ہے، "کیا آپ بہن فلاں ہیں؟" آپکا نام کیا ہے؟ بہن ہاورڈ۔ کہتی ہیں، "آپ بہن ہاورڈ ہیں۔ بہن ہاورڈ، کیا آپ ایک بیلیور ہیں؟ آپ ایمان رکھتی ہیں۔ آپ ایک بیلیور ہیں۔ تو پھر، آپ دیکھیں، آپ ساری چھڑائی ہوئی برکتوں کی حقدار ہیں۔" پھر میں کہونگا، "بہن ہاورڈ، سب کچھ ٹھیک ہوجائیگا،" آپ چلی جائیں۔ اوہ، کیسے...میں نے کہا، "میں چِلاونگا، میں نعرے لگاونگا۔" میں کہونگا، "خُداوند، یہ تو ہونا ہی ہے۔ یہ تو ہونا ہی ہے۔"

136 اور میں سوچتا ہوں، "خیر، لوگ اسی طرح سوچتے ہیں جب میں انکے لیے دُعا کرنے آتا ہوں۔" پس یہی بات ہے۔ آپ نے دیکھا میرا کیا مطلب ہے؟

137 اور کئی بار، میں کھڑا ہوتا ہوں، اور لوگوں کو لیکر، یہ کہتا ہوں، "اوہ، بیشک

قیمت بہن، کیا آپ اس پر ایمان رکھیں گی؟ اوہ، کیا آپ اسکا یقین کرینگی؟"
"اے خُداوند، خُدا، یہ اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ یہ اسکا یقین کرتے ہیں۔"
"اوہ، مہربانی سے، کیا آپ اب اسے قبول کریں گے؟" یہ وہ نہیں ہے۔ میں اس سے آگے بڑھ چکا ہوں۔ میں اس سے گزر چکا ہوں۔

میں بس اتنا کہتا ہوں، "بہن ہاورڈ، کیا آپ ایک ایماندار ہیں؟"

"جی ہاں، میں ہوں۔"

138 "ٹھیک ہے، بہن ہاورڈ، اگر آپ ایک بیلیور ہیں، تو پھر جو کچھ خُدا کے پاس ہے آپ اُسکی وارث ہیں۔" اور میں اسکا ہاتھ پکڑتا ہوں۔ دیکھیں، میں اس پر ایمان رکھتا ہوں۔ میں بہن ہاورڈ پر اپنا ہاتھ رکھتا ہوں تاکہ اسکے ساتھ رابطہ قائم کرسکوں۔ یسُوع نے یہ نہیں کہا "اُنکے لیے دُعا کرو،" اُس نے کہا، "بس اُن پر اپنے ہاتھ رکھو۔" یہی بات ہے، اور یہ شفا پاچکی ہے۔ یہ کہہ سکتی ہے، "سب کچھ ٹھیک ہوجائیگا،" بہن ہاورڈ۔ آپ گھر جائیں اور تندرست ہوجائیں۔ خُدا آپکو برکت دے۔

139 آپ بہن جی... [بہن کہتی ہیں، "ہمپٹن۔" ایڈیٹر۔] بہن ہمپٹن، آپ ایک بیلیور ہیں، کیا نہیں ہیں؟ ["میں ہوں۔"] آپ اُن سب چیزوں کی وارث ہیں جو اُس نے بخشی ہیں۔ بہن ہمپٹن، خُدا آپکے ساتھ ہو۔ اب آپ گھر جائیں اور تندرست ہوجائیں۔ یسُوع مسیح آپکو شفا بخش دیگا۔

140 آپ بہن...[ایک بھائی کہتا ہے، "سلاٹر۔" -ایڈیٹر۔] سلاٹر۔ یہی ہیں... آپ اُن میں سے ایک ہیں جنکے لیے ہم نے ہسپتال میں دُعا کی تھی۔ دیکھیں، آپ ایک ایماندار ہیں، بہن سلاٹر، جو کچھ ہم نے مانگا ہے اُسکی وارث ہیں۔ بہن سلاٹر، آپ نے جو کچھ مانگا ہے اُسے قبول کریں، اور تندرستی پائیں۔ خُدا آپکو یہ عطا کردیگا۔

141 بھائی جین، کیا آپ ایمان رکھتے ہیں خُدا آپکو بھی یہ بخش دیگا؟ [بھائی جین کہتے ہیں، "جی ہاں، جناب۔ جی ہاں، جناب۔" -ایڈیٹر۔] اور خُداوند خُدا آپکو بالکل وہی دے، جین، جو کچھ آپ نے مانگا ہے !...؟...

142 دیکھیں میں آپکو جانتا ہوں۔ [بہن بولتی ہے-ایڈیٹر۔] آپ ایک ایماندار، بہن ہیں۔ میں آپکو جانتا ہوں۔یہ آپکے شوہر ہیں۔ اور ایک دن میں نے انکے لیے فون پر دُعا کی تھی۔ میں ہمیشہ انہیں یاد رکھتا ہوں۔ کیا آپ ٹلسا میٹنگ میں نہیں آئے تھے۔کیا عبادت میں آئے تھے۔ اور خُداوند نے انہیں شفا دی تھی، اور انہیں عبادت میں بھیجا تھا۔ نمائندگی میں آپ کسی کیلئے کھڑی ہیں۔ ["میرا بھتیجا ہے۔"] یہ ایک مسیحی کام ہے، بہن ! سمجھے؟ اسی طرح وہ بھی نمائندگی میں کھڑا ہوا تھا، وہ ہم سب کیلئے کھڑا ہوا تھا۔ آپ ایک ایماندار ہیں اور خُدا کے سب وعدوں کی حقدار ہیں۔ میں اُسکا خادم ہوں۔ اور آپ جو کچھ مانگ رہی ہیں، میں آپکو وہ یسُوع مسیح کے نام میں دیتا ہوں۔

143 بھائی نیل، آئیں۔ خُدا آپکو برکت دے۔ آپ کیلئے یہ بہت اچھا رہا ہے۔ آپ ایک ایماندار ہیں۔ میں جانتا ہوں آپ ہیں۔ میں ایمان رکھتا ہوں خُدا آپکو سب کچھ دیگا جو آپ مانگیں گے، کیونکہ آپ ایک بیلیور ہیں۔ اور خُدا کا خادم ہوتے ہوئے، میرے بھائی، میں آپکو، یسُوع مسیح کے نام میں، جو بھی آپکے دل میں ہے دیتا ہوں۔ جائیں اور اُسے حاصل کریں۔ خُدا آپکو برکت دے۔

144 بہن بروس، میں آپکو جانتا ہوں۔ اور وہ نرس بھی آپکو جانتی ہے جو میری کمر رگڑ رہی تھی۔ وہ یہیں قریب موٹل جے جے، ٹوئن جے، یا اسی طرح کے کسی اور مقام سے ہے۔ آپ دوسروں کیلئے کھڑے ہوجائیں۔ اور آج رات آپکی اپنے باپ سے کیا خواہش ہے؟ [بہن بروس کہتی ہیں، "آج رات، میرے اپنے لئے ہے۔"-ایڈیٹر۔] آج رات، آپکے لئے ہے۔ [بہن بروس دوبارہ کہتی ہیں۔] دیکھیں، دشمن نے آپکو ڈاکٹر کی پہنچ سے دور کردیا ہے، لیکن میں ایک فلاخن کے ساتھ، آپکے پیچھے آرہا ہوں۔ اور یسُوع مسیح کے نام میں، میں سیدھا فلاخن سے، وار کرتا ہوں، اُس پتھر پر جس نے-نے گردوں کو کام کرنے سے روکا ہوا ہے۔ یہ آپکو خُدا کے گھر میں، خُدا کے پاس واپس لے آئیگا۔

ہم یسُوع مسیح کے نام کے وسیلے، آپ سے یہ مانگتے ہیں۔ آمین۔

145 کیا آپ اس شخص کے باپ ہیں، جناب؟ کیا آپ ایک بیلیور ہیں؟ [بھائی بات کرتا ہے-ایڈیٹر-] آپکو ہرنیاں ہیں؛ آپکی بائیں طرف، نیچے ہیں۔ جناب، کیا آپ اسکا یقین کرتے ہیں خُدا آپکو، اپنے خادم کے وسیلے شفا دیگا؟

146 خُداوند، اس ہاتھ نے شاید دن بھر بڑی سخت محنت کی ہے۔ اور یہاں کسی مقصد کیلئے آیا ہے، تاکہ کچھ کیا جائے۔ اسکے دل کی مراد، اسے بخش دے، اے باپ، میں یہ دُعا یسُوع کے نام میں مانگتا ہوں اور تُو ایسا کردے۔ آمین۔

147 شک مت کریں۔ اب سے ہرنیاں آپکو نقصان نہیں پہنچائیں گی، اور آپ تندرست ہوجائینگے۔ خُدا آپکو برکت دے...؟...

148 [ایک بہن کہتی ہیں، "میرے گلے میں اور میرے سر میں تکلیف ہے، جب میں کھانستی ہوں تو میری پسلیوں میں درد ہوتا ہے۔ میں گا نہیں سکتی۔ میں کچھ نہیں کرسکتی۔ میں...؟...اور میں زیادہ سو بھی نہیں سکتی۔ یہاں تک کہ کچھ بھی نہیں کرسکتی۔"-ایڈیٹر-] آپ ایک بیلیور ہیں، کیا نہیں ہیں؟ ["میں ہوں۔ میں نے پاک رُوح پایا ہوا ہے۔"] آپ ایک بیلیور ہیں۔ ["مجھے معلوم ہے خُدا اندر بسا ہوا ہے۔"] اور آپ-آپ تمام برکات کی حقدار ہیں۔ ["میں جانتی ہوں۔ اور میں ایمان رکھتی ہوں۔ میں آپکی دُعا پر یقین کرتی ہوں، بھائی برینہم۔ میرا ایمان ہے خُدا مجھے شفا دیگا۔ میں ایمان رکھتی ہوں وہ آپکی دعاؤں کا جواب دیتا ہے۔"] آپکا شکریہ۔

149 اے باپ، میں اپنی، اس بہن کو، آگ کی قطار، اورہدف کے مرکز میں لاتا ہوں۔ اور میں اسے دشمن کے پنجے سے چھڑا کر، تیرے حضور واپس، یسُوع مسیح کے نام میں لاتا ہوں۔ آمین۔

150 بس یہی طریقہ کار ہے جسکے وسیلے یہ ہوگا۔

151 [ایک بہن کہتی ہیں، "....؟... میرا ایک پھیپھڑا ختم ہو رہا ہے، اور ایک ختم ہوچکا ہے۔"-ایڈیٹر۔] پھیپھڑے کا آپریشن ہے۔

152 اے خُداوند، یہ جوان عورت یہاں کھڑی ہے، اور ابھی تک جوان ہے، میں اسکے لیے دُعا کرتا ہوں۔ اور اگر ایک پھیپھڑا نکال دیا گیا، تو یہ اپنی ساری زندگی، ڈگمگاتی رہے گی۔ تُو ہمارا باپ ہے، اور میں دعائیہ آگ سے ٹھیک اس پر نشانہ لگاتا ہوں، خُداوند، یہ ٹھیک اسکے پھیپھڑے پر لگے۔ میں یہ دُعا یسُوع مسیح کے نام میں مانگتا ہوں۔ یہ اسے چھوئے اور اسکا پھیپھڑا تندرست ہوجائے۔ میں یہ دُعا، یسُوع مسیح کے نام میں مانگتا ہوں۔ آمین۔

153 آپ بہن جی...[بہن کہتی ہیں، "بہن گیبس۔"-ایڈیٹر۔] بہن گیبس۔ ["ٹھیک سر میں درد ہے، اور اس بارے میں پریشان ہوں۔"] میرے سر کے پیچھے، درد اُٹھتا ہے۔ بہن گرٹی، آپ ایک ایماندار ہیں اور خُدا کی ساری برکتوں کی وارث ہیں۔

154 خُداوند، میں اسے تیرے پاس لاتا ہوں، اُس چھوٹے فلاخن کے ساتھ

جو تُو نے مجھے دیا ہے، جیسے تُو نے داؤد کو فلاخن دیا تھا، تاکہ وہ اپنے باپ کی بھیڑوں کی رکھوالی کرے۔ اور جب دشمن اُسکی بھیڑوں کے پیچھے آتا تھا، تو وہ ڈرتا نہیں تھا۔ وہ اپنا چھوٹا فلاخن پکڑتا تھا اور سیدھا شیر اور-اور ریچھ کے پیچھے چلا جاتا تھا، اور وہ اپنی بھیڑ کو واپس لے آتا تھا۔ یہ ایمان کی دُعا ہے۔ تُو نے مجھے کہا تھا اگر میں "لوگوں کو یقین دلا سکوں اور سنجیدہ رہوں۔" میں آج رات بہن گیرٹ کو واپس لاتا ہوں۔ میں دشمن کے ہاتھوں سے اسے واپس چھینتا ہوں۔ یہ تیری بھیڑ ہے۔ میں یسُوع مسیح کے نام سے، اسے واپس باپ کے گلہ میں لاتا ہوں۔ آمین۔

155 [ایک بہن کہتی ہیں، "سسٹر لوو۔"-ایڈیٹر۔] بہن لوو۔ ["مجھے بلڈ پریشر ہے۔"] ہائی بلڈ پریشر۔ اور آپ ایک ایماندار ہیں، کیا آپ ہیں، بہن لوو؟ آپ برکتوں کی وارث ہیں۔

156 اب، خُدا باپ، میں اس مقصد کیلئے آج رات دُعا کرتا ہوں، اور بہن کے ہائی بلڈ پریشر کیلئے، خُدا کی فلاخن استعمال کرتا ہوں۔ اور جب اگلی بار فزیشن بلڈ پریشر چیک کرے، اور وہ اسے دیکھے تو کہے، "اب یہ نارمل ہے۔" پھر یہ جان جائیگی کیا ہوا تھا۔ یسُوع مسیح کے نام میں، مَیں اسے یہ عطا کرتا ہوں۔ آمین۔

157 [ایک بھائی برادر برینہم سے بات کرتا ہے-ایڈیٹر۔] جی ہاں۔ میری تمنا

ہے کاش آج رات میرا باپ یہاں ہوتا، اور ٹھیک اس وقت میں اُسکے لیے دُعا کرتا۔ اسی طرح، میں آپکے لیے کرونگا۔ میں سمجھ گیا ہوں۔

158 آسمانی باپ، جس آدمی نے اس لڑکے کوپیدا کیا ہے، یہ لڑکا اُسکی وجہ سے آج رات یہاں اس زمین پر موجود ہے۔ اور اس بیٹے کی اپنے باپ کیلئے تمنا ہے کہ وہ واپس آجائے؛ کیونکہ گناہ کی دُنیا، اور شراب سے بچنے کا یہی ایک راستہ ہے۔ اے خُداوند، میں یہ دُعا ایمان اور طاقت کے ساتھ بھیجتا ہوں، اور جتنی تیزی کے ساتھ میں یہ سب کچھ پھینک سکتا ہوں پھینکتا ہوں، اور اس چھوٹے کنکر کو، خُداوند یسُوع کے نام میں پھنکتا ہوں۔ میں اس فلاخن سے شیطان پر وار کرتا ہوں جس نے اسے پکڑا ہوا ہے۔ تاکہ وہ اسے چھوڑ دے۔ تاکہ وہ گلہ کی محفوظ جگہ پر، یسُوع کے نام میں آجائے۔ آمین۔

159 [ایک بھائی کہتا ہے، "میرے لیے دُعا کی جائے، بھائی برینہم، تاکہ مجھے پاک رُوح مل جائے۔ میں پاک رُوح پانا چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں۔ میری یہی تمنا ہے۔ میں پاک رُوح حاصل کروں۔"] آپکی تمنا ہے آپ اسے حاصل کریں۔ آپ اُس دیس میں آنا چاہتے ہیں جہاں سب وعدے موجود ہیں۔ ["جی ہاں۔"]

160 اور اب، اے خُداوند، اس لڑکے نے دریا کے پار ڈیرہ لگایا ہوا ہے، اور دوسری طرف ہے، اور یردن بھرا ہوا ہے۔ اور تیرے سوا کوئی اسے

پار نہیں لگا سکتا ہے جیسے تُو نے یشوع اور باقی اسرائیل کو پار لگایا تھا۔ اور، اے باپ، میں تیرا خادم ہوتے ہوئے، تجھ سے یہ التجا کرتا ہوں، کہ اس بیش قیمت بھائی کو لے، اے خُدا، اسے وعدے میں، یعنی موعودہ دیس میں داخل کر دے۔ جو کہ، دوسری طرف ہے، جس کا تُو نے مجھے ایک روز درشن کروایا تھا، کاش مجھے یہ سعادت حاصل ہو کہ میں اسے دوسرے دیس میں مل سکوں اور اسکے گرد اپنی بانہیں پھیلا سکوں، اور اُس دوسرے دیس میں، کہوں، "میرے بیش قیمت بھائی۔" خُداوند، یہ بخش دے۔ اور یہ خُدا کا موعودہ، پاک رُوح حاصل کرے۔ آمین۔

161 اے خُداوند، یہ میرا پیارا بھائی ہے؛ اور یہ مجھ پر مہربان رہا ہے، اس نے میرے لیے بہت کچھ کیا ہے، جو بتایا نہیں جا سکتا۔ یہ یقین کرتا اور بھروسہ رکھتا ہے۔ اور اب میرے اس دوست کو، دشمن نے شوگر کے وسیلے: پکڑنے کی کوشش کی ہے۔ اور دشمن سوچتا ہے کہ اُس-اُس نے اس لڑکے کو پکڑ لیا ہے۔ لیکن میں اسکے پیچھے آ گیا ہوں۔ اور میں اسے واپس تیرے پاس لانے کیلئے، آتا ہوں، اور خُداوند، مکمل ایمان کے ساتھ پتھر پھینکتا ہوں۔ یسُوع مسیح کے نام میں مَیں شوگر ذیابیطس پر حملہ کرتا ہوں !....؟...یہ میرا بھائی ہے۔ اے باپ، یسُوع کے نام میں، تیری بھیڑ کو واپس تیرے گلہ میں لاتا ہوں۔ آمین۔

[بہن بیل بھائی برینہم سے بات کرتی ہے۔-ایڈیٹر۔]

162 اے خُداوند، ہماری بہن جانتی ہے کہ اسکا وزن بہت زیادہ بڑھ گیا ہے، پس ڈاکٹر نے کہا ہے، یہ اسکی جان لے سکتا ہے۔ "زیادہ وزن کا، ہر پاؤنڈ، ایک سال کم کردیتا ہے،" انشورنس کے کیلنڈر کے مطابق۔ لیکن یہ خُدا کی تمجید اور تعظیم کیلئے زندہ رہنا چاہتی ہے۔ اور اے خُدا باپ، کوئی ڈاکٹر یہ نہیں کرسکتا ہے۔-یہ بس- بس تیرے ہاتھوں میں ہے۔ اور بہن بیل بہت وفادار رہی ہے۔ اور یہ آزمائشوں میں، ثابت قدم اور غور وفکر کرتی رہی ہے۔ اس پر بہت بڑی بڑی مصیبتیں آئی ہیں۔ خُداوند، آج رات میں اسکے لیے کھڑا ہوتا ہوں۔ میں اسکے دشمن سے مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہوں، اور میں اس مقصد کیلئے پوری صداقت کے ساتھ آتا ہوں تاکہ اس مقصد کو حاصل کرسکوں۔ یسُوع مسیح کے نام میں مَیں ایمان کے پتھر کو اسکے دشمن پر پھینکتا ہوں۔ تاکہ یہ دشمن کو ریزہ ریزہ کردے، اور اس سے دور بھاگ جائے، اور یہ ہری ہری چراگاہوں میں اور راحت کے چشموں کے پاس واپس، یسُوع مسیح کے نام میں بحال ہوجائے۔ آمین۔

بہن بیل، ایسا ہی ہوجائیگا۔ بس شک نہ کریں۔

163 بہن سپینسر۔ [بہن سپینسر کہتی ہیں، "بھائی، بھائی بل، میں گزرتے ہر دن میں خُداوند کی محبت میں زیادہ بڑھتی جارہی ہوں۔ اور میں اس جگہ، بیس سال

سے آرہی ہوں۔ اور میں تقریباً ہر ایک تکلیف سے شفا پاچکی ہوں جو کبھی میری زندگی میں آئی ہے۔ آپکو یہ سب کچھ یاد ہے، اور...؟..."-ایڈیٹر۔] یقیناً مجھے یاد ہے، بہن...؟...["اور اُس نے مجھے بہت زیادہ برکت دی ہے! اور میں اپنی زندگی کے ہر دن، اُسکی محبت میں بڑھ رہی ہوں۔ میں جانتی ہوں میری خُداوند میں بہت اچھی زندگی ہے۔"] میں اسکا یقین کرتا ہوں، بہن سپینسر۔ ["میں خوش ہوں۔ میں خوش ہوں! اگر یہ پاک رُوح نہیں ہے جو میں نے پایا ہے، تو میں-میں اس وقت الٹر پر ہر وہ چیز لینے کیلئے تیار ہوں جو اُسکے پاس میرے لیے موجود ہے، اور میں اسی قربان گاہ پر قربان ہونے جارہی ہوں۔"] آمین۔ ["یہی ہے جو میں اُسکے لیے کرنا چاہتی ہوں اور میں یسُوع کے ساتھ الٹر پر مرنا چاہتی ہوں۔"] آمین۔ خُدا آپکو برکت دے... ؟...آمین۔ ["اور میں آپکو بتاتی ہوں کہ میں آپ سے کیا چاہتی ہوں۔ آپ جانتے ہیں، نوح اپنے پورے خاندان کے ساتھ اندر چلا گیا، اور میں بھی اپنا پورا خاندان چاہتی ہوں۔ آپ جانتے ہیں میں اپنے عزیزوں کو بچانا چاہتی ہوں۔"] میں سمجھ گیا ہوں۔ اپنے بچوں کو۔ ٹھیک ہے۔["...؟...میرے بچے۔"] جی ہاں، محترمہ۔ ["اور میرا شوہر بھی۔"] جی ہاں، جناب، میں... ["آپکو سب معلوم ہے۔"] جی ہاں۔ ["آپ ہمارے لیے دُعا کریں۔"]

164 ہم سب بہن سپینسر سے واقف ہیں، اور یہ بھی جانتے ہیں کہ وہ اور برادر

جیس کس طرح مشکلات کے باوجود بھی یہاں چرچ میں آتے رہے ہیں۔ جب میں دوسری طرف پہنچوں گا، تو یہ اس طرح لڑکھڑاتے ہوئے نہیں چل رہے ہوں گے۔ یہ جوان ہونگے۔ اوہ! بھائی جیس، اگر میں بس...؟...آپ جانتے ہیں۔ اور پھر آپ سبکو معلوم ہے یہ کیسے ہوگا، بس-بس پار کرنے کی دیر ہے...؟...وہاں، آپ دوبارہ ایک خوبصورت جوان لڑکی، اور بھائی جیس ایک جوان لڑکا بن جائیگا۔ خُدا نے آپکے ساتھ اسکا وعدہ کیا ہے۔

165 اب، دیکھیں۔ میں یہاں آپکو تھوڑی سی تعلیم دینا چاہتا ہوں، اور آپ یہاں آخر میں ہیں، اور میں آپکو یہ دینا چاہتا ہوں۔

166 کیونکہ، میں جانتا ہوں یہ آپکا چھوٹا لڑکا ہے، چارلی۔ کیا آپ اسکے لیے دُعا کروانا چاہتے ہیں؟ [بھائی چارلی کہتے ہیں، "جی ہاں۔"-ایڈیٹر۔]

167 میں ایک بات کہنا چاہتا ہوں۔ کیا آپ نے کبھی کلام میں یہ پڑھا ہے جہاں بائبل یہ کہتی ہے؟ پولُس نے ایک رومی صوبہ دار سے کہا تھا۔

کیا آپ مجھے ٹھیک سن رہے ہیں؟ [جماعت کہتی ہے، "آمین۔"-ایڈیٹر۔]

168 اور اُس رومی کو بتایا، جب وہ اپنی تلوار نکال کر، اپنے آپکو قتل کرنے لگا تھا، جب وہ فلپی کی جیل میں تھا۔ اور زلزلے نے ساری جیل کو ہلادیا

تھا۔ اُس نے کہا، ”خُداوند یسُوع مسیح پر ایمان لا، اور تُو اور تیرا گھرانہ نجات پا جائیگا۔“ کیا آپ نے کبھی یہ سنا ہے؟ ”تُو اور تیرا گھرانہ۔“ اب، دیکھیں۔ اگر آپ اپنی نجات کیلئے کافی ایمان رکھتے ہیں، تو کیا آپ اپنے گھرانے کی نجات کیلئے کافی ایمان نہیں رکھ سکتے ہیں؟ خُدا، کسی نہ کسی طرح، یہ کریگا۔

169 اور، خُداوند، میں آج رات، بہن سپینسر اور بھائی سپینسر کیلئے دُعا کرتا ہوں، اور ہر ایک بچے کیلئے بھی، انکے لیے اور انکے بچوں کے لیے، تاکہ یہ سب جلال میں ہوں، اور خوشی کے دیس میں ہوں وہاں جہاں کوئی بیماری نہیں اور نہ بڑھاپا ہے، کوئی دُکھ اور مایوسی نہیں ہے، اور یہ چھوٹی سی زندگی ایک ڈراؤنے خواب کی طرح گزر جائیگی۔ یہ دونوں، اور اسکے سارے بچے اُسے حاصل کریں، اسکا خاوند، اسکے سارے عزیز، اور وہ سب جو اس سے پیار کرتے ہیں، اور وہ سب جن سے یہ پیار کرتی ہے، وہ سب وہاں اسکے ساتھ ہوں، یسُوع کے نام میں۔ آمین۔

170 [بہن سپینسر کہتی ہیں، ”آمین۔ آپکا شکریہ۔“ -ایڈیٹر۔] خُدا آپکو برکت دے۔ [”میں بہت جلد بیاسی کی، ہونے والی ہوں۔“] بیاسی سال کی۔ [”...؟...اور اس عمر میں، لوگ ٹوٹ جاتے ہیں۔ لیکن میں ابھی بھی کھانا پکاتی ہوں، دھلائی کرتی ہوں، اور استری کرتی ہوں، اور گھر کی صفائی کرتی ہوں۔“] بس دُنیا زوال پذیر ہو رہی ہے، سسٹر سپینسر۔ [”جی ہاں، ایسا

ہے۔ میں ہر وقت، بہت تھکی رہتی ہوں۔ لوگ ایسے ہیں...میں نے اپنی ماں سے پوچھا تھا، سوتیلی ماں سے، وہ نوے سال کی تھی، یہ کافی پُرانی بات ہے، میں نے کہا آپ بڑھاپے میں کیسا محسوس کرتی ہیں۔ اُس نے کہا، 'روز، ایک دن آئیگا تم تھک جاؤگی۔' میں تھک چکی ہوں۔"] خیر، آپ دیکھیں، آپ آرام کرنے کیلئے تیار ہیں۔ [" میں ہر وقت، بہت تھکی رہتی ہوں۔ مجھے آرام کی ضرورت ہے۔ مجھے اُسکی ضرورت ہے۔"] جی ہاں، محترمہ۔ ["اور میں اپنے گھٹنے ٹیک کر، خُداوند میں آرام کرنا چاہتی ہوں۔ ہر، ہر اُس چیز کی مجھے ضرورت ہے۔"] جی ہاں۔ بس اپنا ایمان اُس میں قائم رکھیں، بہن سپینسر، اور آپ وہاں جائیں گی۔ [" میں یسُوع نام میں، مذبح پر مرنا چاہتی ہوں۔ اور یہی وہ ہے جسے میں دیکھنا چاہتی ہوں، جب تک وہ مجھے بلاتا نہیں۔"] اور اُس نے کہا...["میں ہر وہ چیز لینا چاہتی ہوں جو اُس نے میرے لیے رکھی ہے۔"] اور میں اُتنا ہی پُریقین ہوں جتنا آج رات، آپکے ساتھ کھڑا ہوں، بہن سپینسر، اُسکے فضل سے میں آپکو اور جیس کو وہاں اُس پار، جوان اور صحت مند دیکھونگا۔ آپ وہاں دوڑیں گے، اور چلائیں گے، "میرا بھائی! میرا بھائی!" میں آپکو دیکھونگا۔

یہ گھبرائی ہوئی ہے۔

171 خُدا باپ، اس لڑکی میں ایسی بیماری تھی، جو دوائی کی پہنچ سے دور تھی۔

اسکی زندگی میں، بس ایک ہی رکاوٹ ہے۔ لیکن آج رات میں اسکے لیے کھڑا ہوتا ہوں۔ اے باپ، میں تیرے پاس آتا ہوں۔ میں تیرے پاس، پوچھنے آتا ہوں تاکہ میں سیدھا وار کروں، جو نشانے پر لگے۔ اور وہ صفر ہوجائے، اور دشمن کی پیٹھ کے آر پار ہوجائے۔ اور یہ دُعا، یسُوع مسیح کے نام میں گھبراہٹ پر حملہ کرے، اور وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے، اور یہ بھیڑ واپس خُدا کے گلہ میں شامل ہوجائے۔ آمین۔

پیاری، یہ ہوکر رہیگا۔

172 [ایک بہن کہتی ہیں، "بس دُعا کریں۔ میرے چھ بچے ہیں خُدا اُنہیں اپنی حفاظت میں رکھے اور تندرستی دے۔"-ایڈیٹر۔]

173 آسمان کا خُدا، یہ بخش دے، اور اسکے چھ بچونکو نجات دے کیونکہ اسکی یہی تمنا ہے۔ اس نے بھائی ڈولٹن، اور اُسکی پیاری بیٹیوں کی گواہی سنی ہے۔ اے باپ، یہ اپنے بچونکے لیے یہی تمنا رکھتی ہے۔ اسکے لیے ایسا ہی ہونے دے۔ بچے اسے اُس دیس میں ملیں جہاں رات نہیں ہوتی ہے، محفوظ اور حفاظت میں ہیں اور یسُوع مسیح کے خون کی پناہ میں ہیں۔ آمین۔

بہن، میری دُعا ہے، یہ آپکو وہاں ملیں۔

[ایک بہن بھائی برینہم سے بات کرتی ہے-ایڈیٹر۔]

174 میں آپکا یقین کرتا ہوں۔ یہاں کچھ بھی، مشکل نہیں ہے، مدد ہو سکتی ہے۔ وہ لوگوں کو کوئی چھوٹی سی چیز دیتے ہیں، اوہ، جیسے کوئی درد دُور کرنے والی دوا۔ وہ اسے، کورٹیزون کہتے ہیں۔ یہ، تقریباً، آپکو ختم کر سکتی ہے۔ یہ آپکے خون کو تقسیم کر دیتی ہے۔ لیکن، غور کریں۔ دیکھیں، گھٹیا نے شیر کی طرح بھیڑ کو پکڑ لیا ہے اور دُور لے گیا ہے۔ اب، فلاخن کیا کریگا؟ اوہ، میرے خُدایا! ایک بڑا دھاڑیں مارنے والا، شیر ایک بھیڑ کے بچے کے ساتھ ہے۔ اور وہ اُس بچے کو پسند کرتا ہے، اسلیے وہ اُسے لے کر بھاگ جاتا ہے۔ لیکن داؤد فلاخن اُٹھاتا ہے اور اُسکے پیچھے چلا جاتا ہے۔ سمجھے؟ غور کریں۔ اُسکے پاس پانچ پتھر تھے: ایف-اے-آئی-ٹی-ایچ، خود، آئی-این۔ اور اُسکے ہاتھ میں فلاخن تھا: جے-ای-ایس-یو-ایس۔ وہ ایک ماہر نشانے باز ہے۔ کچھ تو ہونا ہے۔ آئیں آج رات، دُعا کے وسیلے، اس جوڑوں کے درد کا پیچھا کرتے ہیں۔ خُدا آپکو شفا دیتا ہے۔

175 [بہن بھائی برینہم سے بات کرتی ہے-ایڈیٹر۔] کیا وہ نام میں بپتسمہ لینا چاہتی ہے؟ ["نہیں۔ نہیں۔ اُس نے یہ نہیں کہا۔"] آپ چاہتے ہیں وہ بپتسمہ لے۔ ["میری خواہش ہے کہ وہ بپتسمہ لے۔"] آپکا شکریہ، بہن۔ کیونکہ یہ اُس طریقے سے نہیں ہے۔ بلکہ اسکا سبب...اب، اگرچہ یہ بائبل میں موجود ہے، کیونکہ، باپ، بیٹا، اور رُوحُ القُدس لکھا ہے،" میں-میں اس پر ایمان رکھتا

ہوں، میں ٹھیک اسکے ساتھ کھڑا ہوں، بہن۔ میں-میں کوئی مختلف نہیں بننا چاہتا۔ میں-میں بھی یہی چاہتا ہوں۔ میں ایسا نہیں چاہتا...مجھے-مجھے اسکا حساب دینا پڑیگا، آپ سمجھے گئے ہیں۔ اور مجھے اُسی طریقے سے کہنا ہے جس طریقہ سے یہ کہتا ہے: مختلف نہیں بننا، بلکہ ایماندار بننا ہے۔

176 اب، اے باپ، ہم اسکے عزیز کیلئے تیرے حضور آتے ہیں جو گھٹیا میں بتلا ہے، اور یہ یہاں چاہتی ہے کہ اسے یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ دیا جائے، کیونکہ وہ دروازہ ہے۔ اور دروازہ کھلا ہوا ہے۔ جیسے یشوع نے وہاں ایک دروازہ کھولا اور اُسکے وسیلے وہ موعودہ دیس میں داخل ہوگئے۔ وہاں دو یا تین راستے نہیں کھولے گئے تھے؛ وہاں فقط ایک ہی راستہ تھا۔

177 پطرس نے، پینتی کوست کے دن، جب پہلی کلیسیا کا افتتاح کیا، تو ایک راستہ کھولا، کہا، "توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لے۔" وہ کبھی بھی اس راستے سے نہیں پھرے، بلکہ ہر ایک موعودہ دیس میں اسی راستے سے گیا ہے۔

178 کچھ لوگ کسی اور طرح پار جانے کی کوشش کررہے تھے، کسی اور گھاٹ سے اُترنے کی کوشش کررہے تھے، اور پولُس نے اُن سے کہا، "تم نے کس کا بپتسمہ لیا؟ تم کہاں سے پار جانے کی کوشش کررہے تھے؟"

اور اُنہوں نے کہا، "وہاں نیچے یوحنا کو دیکھ رہے تھے۔"

179 اُس نے کہا، ''اچھا، یوحنا نے تو اُس وقت، اس مقام کی طرف اشارہ کیا تھا۔'' اور پھر جب اُنہوں نے یہ سُنا، تو اُنہوں نے ٹھیک اُسی ندی میں بپتسمہ لیا۔ اور وہ پار چلے گئے، اور پاک رُوح کی مے حاصل کی۔

180 ہماری بہن کو اسکے پیارے بخش دے، یسُوع مسیح کے نام میں۔ آمین۔

181 بھائی لائل۔ [بھائی لائل کہتے ہیں، ''میں ایمان رکھتا ہوں آپ یقیناً ٹھیک سربراہ ہیں، بھائی برینہم۔''-ایڈیٹر۔] اوہ، بھائی! [''چلتے جائیں...؟...آپکو یاد ہے بیشک یہ ایک خواب میں تھا، جو ایک مرتبہ آیا تھا...؟...اگر آپ اُس خواب کا ذکر کریں، تو اچھا ہے۔ جو ایک مرتبہ مجھے آیا تھا۔ جبکہ، آپکے خواب ہمیشہ درست ہوتے ہیں!...؟...''] جی ہاں۔ تھوڑا وقت ہی گزرا ہے۔ [''جی ہاں۔''] جی ہاں۔ میں رویا کیلئے خوش ہوں...؟...کیا اب یہ ختم ہوگیا ہے؟ [جی ہاں، ہوگیا ہے۔''] خُدا آپکو برکت دے۔ اب آپ موعودہ دیس کی طرف گامزن ہیں! ہوسکتا ہے میں اسکا ذکر کروں۔

182 کتنے لوگوں کو یاد ہے یہ میری خدمت کی تصدیق سے پہلے کی بات تھی، اور میں ایک آدمی کے ساتھ ایک دن، دریا کے نیچے، جھیل میں مچھلیاں پکڑ رہا تھا؟ اور میں چھوٹی مچھلیاں پکڑ رہا تھا، اور پاک رُوح مجھ پر آگیا۔ وہاں ایک... وہاں ایک آدمی تھا، جوکہ یہوواہ وٹنس تھا۔ اُسکا بھائی، بنکس ووڈیہاں موجود ہے۔ وہ یہیں کہیں ہے، وہ میرا پڑوسی ہے۔

183 یہ لائل ہے۔ اور یہ لوگ یہوواہ وِٹنس تھے۔ اور اُنہوں نے کہا، ایک دن ہم وہاں نیچے مچھلیاں پکڑ رہے تھے، اس لڑکے کے تبدیل ہونے کے بعد کی بات ہے، میں نے اُسے بتایا کہ اُس کی زندگی میں کچھ ہوا تھا، اور جو-جو کچھ ہوا تھا، اُسکے بارے میں سب کچھ بتادیا۔ جو، اُس نے مجھے ابھی ابھی بتایا تھا، اور وہ جو کچھ بھی تھا، اُس نے اپنی زندگی سے وہ نکال دیا ہے، یہ درست ہے۔ اُسکا باپ ایک-ایک کاری تھا۔ کیا آپ کے والد آج آپ کے ساتھ ہیں؟ [کوئی کہتا ہے، "معلوم نہیں۔"-ایڈیٹر۔] اور اُس نے اور اُسکی بیوی، دونوں نے، یہاں تالاب میں، یسُوع مسیح کے نام کی گواہی کے لیے، بپتسمہ لیا تھا۔ اور یہی شخص، ایک دن میرے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔

184 بنکس، آپ کہاں ہیں؟ کیا آج رات وہ یہاں ہیں ؟ [بھائی کہتا ہے، "ٹھیک کارنر میں وہاں پیچھے ہیں۔"-ایڈیٹر۔] پیچھے کونے میں ہیں۔ جی ہاں۔

185 اور ہم مچھلیاں پکڑ رہے تھے۔ اور، بھائی، میرے چھوٹے لڑکے نے مار دیا... میرا خیال ہے کچھ دن پہلے، اُس نے بلی کے بچے کو مار دیا تھا۔ ایک پُرانی بلی نے بہت سارے بچے دیئے تھے، اور اُس نے ایک اُٹھایا اور گرادیا۔ اور میں نے سوچا... اور میں نے کہا، "خُداوند ایک چھوٹی زندگی کو پھر زندہ کرنے جارہا ہے،" ایک دن پہلے کہا تھا۔ لائل، کیا یہ سچ ہے؟ [بھائی لائل ووڈ کہتے ہیں، "جی ہاں۔"-ایڈیٹر۔] ایک غار میں ٹھہرئے ہوئے تھے۔ اور

میں نے کہا، "یہ خُداوند یوں فرماتا ہے۔" اور ہم نے ساری رات شکار کیا اور کچھ بھی ہاتھ نہ آیا۔

186 اگلی صُبح، ہم نے پھر مچھلیاں پکڑنا شروع کی، اور ایک بلیو گل پکڑ کر، واپس اُس چھوٹی غار میں چلے گئے۔ یہ ایک چھوٹی مچھلی تھی۔ اور بھائی لائل کے پاس ایک بڑا کانٹا تھا، اور چھوٹی بلیو گل اُسے نگل گئی، اُسکے پاس بڑا ہک تھا، اور، جب اُس نے اُسے کھینچا، تو وہ اُس میں پھنستا گیا، وہ بڑا ہک، بلیو گل کے پیٹ میں پھنس گیا۔ اور اُسے حاصل کرنے کیلئے، جب اُس نے اُسے باہر نکالا، تو اُس بلیو گل کی آنتیں اور باقی چیزیں باہر نکل آئیں۔ اور سب کچھ باہر نکل آیا تھا، ' کیونکہ بڑا ہک مچھلی کے پیٹ میں پھنس گیا تھا۔ اور جب اُس نے یہ سب کرلیا، تو اُس نے اُسے پانی میں پھینک دیا۔ اور وہ بس چار، یا پانچ مرتبہ تڑپی، اور ختم ہوگئی، کیونکہ اُسکی آنتیں اور گلُپھڑے مُنہ سے باہر لٹک رہے تھے۔ اور وہ وہاں تقریباً آدھا گھنٹہ پڑی رہی، اور پانی اُسے بہاتے ہوئے جھاڑیوں میں لے گیا۔

187 اور میں وہاں بیٹھا، مچھلیاں پکڑ رہا تھا۔ اور اچانک، پاک رُوح آگیا، اور کہا، "اُس مچھلی سے بول۔"

188 میں نے کہا، "اے چھوٹی مچھلی، یسُوع مسیح تیری زندگی تجھے واپس دیتا ہے۔" جبکہ وہ چھوٹی مچھلی، پانی پر مُردہ پڑی ہوئی تھی، اُس نے اپنی سائیڈ

بدلی، اور دوڑتی ہوئی اپنے رررررُوٹ پر چلی گئی، اور جتنی تیزی سے وہ پانی میں جا سکتی تھی، وہ چلی گئی۔

189 بھائی لائل اور بھائی ووڈ وہاں موجود تھے۔ بھائی لائل نے کہا، ”بھائی برینہم، اِسکا مطلب میرے لیے تھا، کیونکہ میں نے چھوٹے سے کہا تھا...“

190 آج رات، کیا میں بتا سکتا ہوں آپ نے کیا کہا تھا؟ [بھائی لائل ووڈ کہتے ہیں، ”یقیناً، آپ بتا سکتے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے، بھائی برینہم۔“-ایڈیٹر۔]

191 اُس نے کہا، جب اُس نے اُسکی آنتیں کھینچی، تو اُس نے اُسے واپس وہاں پھینک دیا تھا، اور کہا تھا، ”تُو نے اپنا آخری نوالہ کھا لیا ہے، چھوٹی مچھلی،“ بس یہ کہا تھا۔ اور اُسے پھینک دیا تھا۔

اُس نے کہا، ”یہ-یہ میرے لیے معنی رکھتا ہے۔“

اور میں نے کہا، ”نہیں، بھائی لائل۔ یہ آخری نہیں تھا۔“

192 بھائی بنکس نے پیچھے سے، کہا، ”اس دُنیا میں کتنے لوگ ہیں، اور ہزاروں میں سے کتنے یہاں کھڑا ہونا پسند کرینگے، جہاں ہم اب کھڑے ہوئے ہیں، تاکہ خُدا کی قوت کو نیچے آتے اور اسطرح کے کام کرتے دیکھیں!“ دوسرے الفاظ میں، وہ کہنا چاہتا ہے...

193 میں ایمان رکھتا ہوں ہم اس طرح محسوس کرتے ہیں، ”جیسے پطرس نے

کیا تھا یہاں رہنا اچھا ہے۔ یہاں تین ڈیرے بناتے ہیں۔" سمجھے؟ یہ درست ہے۔

194 اب، بھائی لائل، آپ پاک رُوح سے مسح کیے گئے ہیں۔ آپ نے مصر کو چھوڑ دیا ہے۔ لہسن کا سواد اور دُنیا کی گندگی پیچھے رہ گئی ہے۔ آپ یہاں یردن کے کنارے پر کھڑے ہیں، تاکہ پار کرکے وہاں چلے جائیں۔ لائل، خُدا آپکو وہاں پہنچائے۔

195 قادرِ مطلق خُدا، یہ تیری ٹرافی ہے۔ خُداوند، یہ بہت بُری حالت میں چلا گیا تھا، لیکن میرا دل اسکے پیچھے تھا۔ ہماری دُعائیں اسے ٹھنڈی ہوائیں پہنچاتی رہی ہیں، اور وہ چیز جس نے اسے پکڑا ہوا تھا وہ اب جاچکی ہے۔ یہ ٹوٹ گیا ہے۔ اور اب یہ یردن کی طرف جارہا ہے۔ اے خُداوند، اسے وعدہ شدہ سرزمین طرف لے جا۔ اور اسے لوگوں میں شامل کرکے مہربند کردے۔ وہ، کیسا جلالی دن ہوگا جب ہم وہاں ملیں گے، میں اسکے گلے لگ جاؤنگا، اور چلاِونگا، "میرا بیش قیمت بھائی!" "میں اُسے جانتا ہوں۔" خُداوند، بھائی بنکس کو بھی ساتھ لانا، کیا لائیں گے؟ ماں باپ، بہن، اور باقی سب، اور باقی ساری عظیم فیملی کو بھی، کاش ہم سب وہاں ملیں، خُداوند، ان میں سے ہر کوئی پاک رُوح سے بھر جائے۔ میں یہ دعا یسُوع کے نام سے مانگتا ہوں۔ آمین۔

آپ اسے قبول کریں، بھائی۔ خُدا آپکو برکت دے، بھائی لائل۔

196 [ کوئی کہتا ہے، "بھائی؟"-ایڈیٹر۔] جی ہاں، بھائی۔ ["بہت دُوری کی کال پر، موت، قطار میں کھڑی انتظار کررہی ہے۔"]

197 لمبی دُوری کی کال پر، کوئی مررہا ہے۔ اور اب میں یہ عبادت بھائی نیول کے حوالے کرونگا وہ یہاں موجود ہیں۔

198 [ بھائی کہتے ہیں، "آج کا دن خُداوند میں عظیم اور شاندار ہے ! خُدا نے آج کے دن ہمارے لیے عجیب کام کیا ہے۔ میری توقعات پوری ہوگئی ہیں۔]

["آئیں ہم سب ایک ساتھ، اپنے قدموں پر کھڑے ہوتے ہیں۔]

199 ["بدھ کی رات کی، عبادت کو یاد رکھیں۔ زیادہ دُعا کریں۔ سب مایوس، اور شکی دل خُدا کے ساتھ گہرے رابطے میں آجائیں۔ 'وقت قریب ہے۔ بلکہ یہی گھڑی ہے۔ آج ہی نجات کا دن ہے۔']

200 ["یہاں آئے ہوئے تمام مہمانوں کو خُدا برکت دے، آپ لوگ کافی دور سے آئے ہیں۔ ہماری دُعا ہے کہ خُدا سفر میں آپکی حفاظت کرے، اور آپکو واپس سلامتی سے منزلِ مقصود تک پہنچائے۔ آپکا یہاں آنا ہمارے لیے باعث برکت رہا۔ اور جب آپ جارہے ہیں تو دُعا میں یاد رکھیں، تاکہ خُداوند

ہمیں، اور اس جگہ کو برکت دے۔]

201 [”ہمارے آسمانی باپ، تیرا خادم آج رات یہاں آگیا ہے، تاکہ بطورتیرا خادم اور نبی کی خدمت سر انجام دے، اور رخنہ میں، کھڑا ہوجائے، اور باڑ لگائے، پاک رُوح کے بپتسمہ کے ساتھ، اور جلتے ہوئے جذبات کے ساتھ تیرا خادم ہمارے پاس آیا ہے، جسے پاک روح کا بپتسمہ دیا گیا ہے، تاکہ نبی کی خدمت کرے، اور اس نسل سے کلام کرے۔ آج کے دن اور آج کی رات مدد کر، تاکہ ہم اس پیغام، اور اس نصیحت کو، قبول کریں خُداوند، اور تیار ہوجائیں۔]

202 [”آج رات اس عمارت کے دروازوں سے نکلنے والے ہر ایک شخص کو برکت دے۔ اور جو بیماریاں ہم پر منڈلا رہی ہیں، اور ہمیں اُنکے بارے میں علم نہیں ہے، تُو اپنے مبارک فضل کے وسیلے اور دُعا کی قوت کے وسیلے ہمیں شفا دے، اور ہماری حفاظت کر، اور ہمیں قائم رکھ، جب تک وہ وقت نہ آجائے اور تُو ہمیں بدل کر دوسرے دیس میں نہ لے جائے۔ شکستہ اور مایوس، اور خوفزدہ لوگوں کو، اور جو کمزور لوگ ہیں، اُنہیں برکت بخش دے۔]

203 [”اے خُدا، ہم آج رات ایک خاص روحانی ملاقات، اور رُوحُ القُدس کی برکت کے لیے دعا کرتے ہیں، کہ یہ ہر ایک مسافر پر نازل ہو، ہر پردیسی ہر مسافر، اور ہر اجنبی پر نازل ہو جو یہاں موجود ہے۔ اور جو کوئی آج رات ان

دروازوں سے نکل کر باہر جائے، کلوری کی صلیب سے بہنے والا لہو، اُسے ڈھانپ لے، اور چاروں طرف سے سنبھال لے اور مہیا کرے۔]

204 [''ہماری بیماریوں سے ہمیں شفا دے۔ ہمیں اپنی مضبوط قوت سے سنبھال لے۔ ہمیں خدمت کیلئے مسح کر۔ آئیں اُسکے حضور، اپنی ساری زندگی، محبت کے ساتھ چلیں۔ اور ہم اس بات کیلئے تیری تعریف کرینگے، اور ہم یہ یسُوع مسیح کے نام میں اور اُسکی خاطر مانگتے ہیں۔ آمین۔]

205 [''اور خُدا آپکو برکت دے۔ اور ہمیں بہت خوشی ہے کہ آپ ہمارے ساتھ تھے۔ ایک دوسرے سے ہاتھ ملائیں۔''-ایڈیٹر۔]

206 آپ نے جو کچھ میرے لیے کیا ہے میں اُسے سراہتا ہوں، اور کارڈ...؟...

جی ہاں، جناب۔ یقیناً سراہتا ہوں....؟...

207 پس ہم نے ایمان کا پتھر بھیج دیا تھا...؟...وہ آدمی یہیں کہیں سے تھا...؟...پس میں نے اُسکے پیچھے، یسُوع مسیح کے نام میں دُعا کو بھیجا۔ وہ وہاں ایک گھنٹے سے پڑا ہوا تھا، سانس نہیں چل رہی تھی، نبض نہیں چل رہی تھی، کچھ بھی نہیں تھا۔ دم نہیں تھا، نبض بند تھی، سانس نہیں آرہی تھی، کچھ نہیں تھا؛ آنکھیں اُوپر لگ چکی تھیں، منبر پر ڈال دیا گیا تھا۔ [بھائی نیول کہتے ہیں، ''بہن نے اُسے وہاں چھوڑ دیا تھا جب تک دُعا نہ کی گئی تھی۔''-ایڈیٹر۔]

208 دروازہ ابھی تک کھلا ہے؟ [بھائی نیول کہتے ہیں، ''جی ہاں، وہ ابھی تک

کھلا ہے۔“ -ایڈیٹر۔]

209 کیا آپ میری طرف متوجہ ہوسکتے ہیں؟ بلند مقام پر، ایک جوان بشر، ایک مناد، یہاں انڈیانا میں، منادی کررہا تھا، اور تقریباً ایک گھنٹے سے، پُلپٹ پر مُردہ پڑا ہوا تھا۔ جب وہ یہاں انڈیانا میں منادی کر رہا تھا، اچانک پُلپٹ پر آگے، کی جانب گرگیا، اورچل بسا، وہ ایک مشہور مناد تھا۔ لیکن پاسٹر میرے پاس آیا اورمجھے بلایا۔ وہ مرگیا ہے جبکہ وہ پاک رُوح کے مسح میں منادی کررہا تھا، وہ آگے گرا، اور اُسکی آنکھیں جم گئیں، اور اُسکا سانس بند ہوگیا۔ وہ مُردہ حالت میں، ایک گھنٹے سے وہاں پڑا ہوا تھا۔ اور کسی نے اُن سے کہا چرچ میں فون کریں اورمجھے دُعا کیلئے بلائیں۔ پس میں نے اُسکی زندگی کیلئے، خُداوند یسُوع کے نام میں دعا کی۔ کیا آپ میرے ایمان کے ساتھ متفق ہوسکتے ہیں، تاکہ یہ دُعا ہدف سے محروم نہ رہ جائے، یہ اُسے تازگی دے اور اُسے واپس بحال کردے۔ آپکا شکریہ۔

210 جب تک ہم دوبارہ بدھ کی رات کو نہیں ملتے، خُدا آپکے ساتھ ہو۔ آپ لوگ جو جورجیا اورباقی جگہوں سے آئے ہیں، خُدا حافظ۔ خُدا آپکے ساتھ ہو۔

211 بھائی پیٹ...؟...

60-0515E لے پالک 1

برینہم ٹیبرنیکل

جیفرسن ویل انڈیانا یو۔ ایس۔ اے۔

URDU

©2026 VGR, ALL RIGHTS RESERVED

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

B/3 ، 700، کشمیر کالونی ڈبل روڈ، کراچی 75500، پاکستان

فون: 0092-345-2495637

VOICE OF GOD RECORDINGS

P.O. BOX 950, JEFFERSONVILLE, INDIANA 47131 U.S.A.

www.branham.org

# حقِ اشاعت کی اطلاع

تمام جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب ذاتی استعمال کیلئے گھر میں پرنٹر پر چھاپی جاسکتی ہے، اور بلا قیمت تقسیم کی جاسکتی ہے، جوکہ یسُوع مسیح کی انجیل پھیلانے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس کتاب کو فروخت نہیں کیا جاسکتا، اور نہ ہی دوبارہ بڑے پیمانے پر چھاپا جاسکتا ہے، اور نہ کسی ویب سائٹ پر لگایا جاسکتا ہے، اور نہ ہی اسے کسی بازیابی کے نظام میں ڈالا جاسکتا ہے، اور نہ ہی دوسری زبانوں میں اس کا ترجمہ کیا جاسکتا ہے، اور نہ ہی وائس آف گاڈ ریکارڈنگز کی جانب سے واضح تحریری اجازت نامے کے بغیر کسی فنڈز وغیرہ کا اصرار کیا جاسکتا ہے۔

برائے مہربانی، مزید معلومات کے لئے یا دیگر مواد کے لئے رابطہ کریں:

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

B/3 ، 700، کشمیر کالونی ڈبل روڈ، کراچی 75500، پاکستان

فون: 0092-345-2495637

Voice Of God Recordings
P.O. Box 950, Jeffersonville, Indiana 47131 U.S.A.
www.branham.org